علم دین، علم نجوم، علم اعداد اور علم حروف کی روشنی میں

# بچّوں کے نام رکھنے کا فن

مرتّب

حسن الہاشمی

اچّھا نام ماں باپ کی طرف سے اپنے بچّوں کیلئے پہلا تحفہ

اِدارہ روحانی دُنیا

422-مٹیا محل جامع مسجد، دہلی-١١٠٠٠٦

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# بچوں کے نام رکھنے کا فن

ماں باپ کی طرف سے اپنے بچوں کے لئے پہلا تحفہ

# "اچھا نام"

مرتب

حسن الہاشمی

ناشر

422 گلی مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی ۔6

کتاب کا نام ----- بچوں کے نام رکھنے کا فن

مرُتّب کا نام ----------------- حسن الہاشمی

صفحات ------------------- 224

قیمت --------------- 60/- روپے

ناشر

ادارہ روحانی دُنیا

# انتساب

اُن سب بچوں کے نام
جو اپنے کردار و عمل سے اپنے
ماں باپ کی عزت و آبرو
کے محافظ ہوتے ہیں۔

# فہرست مضامین ''بچوں کے نام رکھنے کا فن''

# پیش لفظ

بزرگوں کا یہ کہنا ہے کہ والدین اپنے بچوں کو سب سے پہلا تحفہ جو عطا کرتے ہیں وہ اچھا نام ہے، نام اگر اچھا نہ ہو تو انسان کو تمام زندگی دوسروں کے سامنے خفت اٹھانی پڑتی ہے اور ایک برا نام جس کے معانی اچھے نہ ہوں مجلسوں میں اور دوستوں کی صحبتوں میں انسان کو بار بار شرمندگی سے دوچار کراتا ہے، کلّو، نتھّو، بدھو، منگلو، پیرو، جما تو وہ نام ہیں جو جہالت کی کھلی نشانیاں ہیں ان کے علاوہ اُن ناموں میں سے بھی جہالت اور نادانی کی بو آتی ہے جن کے معانی کچھ بھی نہیں ہوتے یا پھر معانی برے ہوتے ہیں، مثلاً عبد مناف یعنی مناف کا بندہ، جب کہ مناف ایک بت کا نام تھا، اسی طرح عبدالمطلب نام رکھنا ناجائز ہے کیوں کہ اس طرح کے ناموں میں عبدیت کی نسبت غیر اللہ کی طرف ہوتے جو قطعاً ناجائز ہے اور ان سے شرک کی بو آتی ہے۔

اس طرح کے نام تو وہ ہیں جن کا مطلب غلط ہے لیکن مسلم معاشرے میں ایسے نام بھی رائج ہیں جن کے کچھ بھی معانی نہیں ہوتے، مثلاً غذوان۔ درشت مزاج یا مثلاً غامض۔ عقل میں نہ آنے والی چیز یا مثلاً شقاق۔ مخالفت کرنے والا وغیرہ یہ وہ نام ہیں جن کے معانی غلط ہیں اسی طرح وہ نام بھی رائج ہیں جن کے کچھ معانی ہی نہیں ہوتے، ایسے نام زندگی بھر بچوں کو شرم سار رکھتے ہیں اور انہیں کسی کو اپنا نام بتاتے ہوئے بھی تکلف ہوتا ہے۔

اچھا نام جس کے معانی اچھے ہوں شخصیت پر اچھا اثر ڈالتا ہے اس کے علاوہ وہ نام جو انسان کی تاریخ پیدائش کے مطابق ہو وہ انسان کے پیش آنے والے حالات پر خوش گواری لاتا ہے اور انسان کو رکاوٹوں اور الجھنوں سے محفوظ رکھنے کا ذریعہ بنتا ہے، جس نام کے معانی اچھے ہوں اس نام کا شخصیت پر اثر انداز ہونا احادیث رسول ﷺ سے ثابت ہے اور نام کا تاریخ پیدائش کے عدد سے ہم آہنگ ہونا تجربات سے ثابت ہے اور انسانی تجربات کو دین اسلام اہمیت دیتا ہے، اس لئے اپنے بچوں کے نام رکھنے

سے پہلے ایسا نام تلاش کریں جو معانی کے اعتبار سے بھی اچھا ہو اور اس کا عدد بھی موزوں ہو۔

یہ کتاب آپ کی اچھے ناموں کے سلسلہ میں اور موزوں اور مناسب اعداد والے ناموں کے بارے میں انشاءاللہ مکمل رہنمائی کرے گی اور اس کتاب کا مطالعہ آپ کو اپنے بچوں، نواسوں اور پوتوں کا غلط نام رکھنے سے انشاءاللہ محفوظ رکھے گا۔

اس کتاب کو مرتب کرتے وقت ہم نے ناموں سے متعلق تقریباً پندرہ کتابوں کا مطالعہ کیا، اکثر کتابوں میں بھرتی کے نام بھرے ہوئے ہیں مثلاً بعض کتب میں شداد، نمرود، فرعون، ہامان، ابولہب اور ابوجہل جیسے نام بھی موجود ہیں جو حیرتناک بات ہے۔

ہم نے اس کتاب کو ترتیب دیتے وقت جن کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اُن میں سب سے زیادہ ہم مختار بدری کی تصنیف ''اسلامی نام'' سے متاثر ہوئے، اس کتاب میں اگرچہ اعداد وغیرہ کا لحاظ نہیں رکھا گیا لیکن اس کتاب میں بھرتی کے نام نہیں تھے، مختار بدری صاحب کی یہ تصنیف جو نصف صدی پہلے ''مکتبہ دینیات دہلی'' سے چھپی تھی آج بھی قابل مطالعہ ہے۔

''بچوں کے نام رکھنے کا فن'' اگرچہ دوسری کتب کے مقابلے میں مختصر ہے لیکن اس میں ان ہی ناموں کو اہمیت دی گئی ہے جو رکھے جاسکتے ہیں، غیر ضروری ناموں کو نظر انداز کر دیا ہے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ کتاب سبھی حضرات کو پسند آئے گی اور یہ بچوں کے نام رکھنے کے سلسلہ میں مفید ترین ثابت ہوگی۔

ناچیز

حسن الہاشمی

٩/اگست ۲۰۰۴ء

# چند باتیں

از قلم حسن الہاشمی

بھائی صاحب! آپ کا نام کیا ہے؟

کسی بھی اجنبی انسان سے ملاقات کے وقت جب آپ سے یہ سوال کیا جاتا ہے تو آپ اس کو اپنا نام بتا کر فخر محسوس کرتے ہیں بشرطیکہ آپ کا نام اچھا اور بامعانی ہو، اچھا نام اپنے اندر ایک عجیب طرح کی جاذبیت رکھتا ہے اور لوگ اچھے نام سے متأثر ہوتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ سرکارِ دو عالم ﷺ نے مسلمانوں کو اچھا نام رکھنے کی ترغیب دی ہے کیونکہ اچھے نام کی بدولت انسان کو اس دنیا میں بھی عزت ملتی ہے اور آخرت میں جب انسانوں کو پکارا جائے گا تو اچھے نام ہونے کی وجہ سے مسلمان وہاں بھی ممتاز رہیں گے اور اچھے نام کی وجہ سے اپنے دل میں خوشی محسوس کریں گے۔

صرف یہی نہیں کہ اچھا نام سن کر دوسرے لوگ متأثر ہوتے ہیں بلکہ اچھا نام انسان کی شخصیت پر بذاتِ خود اچھے اثرات مرتب کرتا ہے، انسان کی شخصیت اچھے نام کے زیرِ سایہ نکھرتی ہے، جن لوگوں کے نام اچھے ہوتے ہیں ان کو قدر و منزلت کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے اور اچھا نام ہونے کی وجہ سے ان کی ذات میں خود بخود ایسی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں کہ جو بزرگوں اور اہل علم کی صحبت سے میسر آتی ہیں۔

ناموں کی خرابی سے چونکہ شخصیت پر برا اثر پڑتا تھا، اسی لئے سرکار دو عالم ﷺ جب کسی کے نام میں کوئی خرابی محسوس کرتے تھے تو اس کا نام تبدیل کر دیا کرتے تھے، اور کبھی کبھی ایسا بھی ہوا کہ بعض ناموں سے افتخار اور اظہارِ نیکی کی بو آتی تھی آپ ایسے ناموں کو بھی بدل دیا کرتے تھے، چنانچہ بخاری شریف کی روایت ہے کہ حضرت زینبؓ

کا نام برّہ تھا، جس کے معنی تھے نیکی اور بھلائی، جب مسلمانوں کی طرف سے اس نام پر اعتراض ہوا کہ تم خود اپنی تعریف کر کے اپنا تقدس ظاہر کر رہی ہو، تو آنحضور ﷺ نے ان کا نام بدل کر زینب رضی اللہ عنہا رکھ دیا۔

ایک صحابیؓ فرماتے ہیں کہ میرے قبیلے کے لوگ مجھے ابوالحکم امتیازی کے نام سے پکارا کرتے تھے جس کے معنی ہیں انصاف کا باپ جب حضور ﷺ نے یہ بات سنی تو مجھے طلب کیا اور فرمایا کہ انصاف کرنے والا اور حکم صادر فرمانے والا صرف رب العزت ہے پھر آپ نے مجھ سے دریافت فرمایا کہ تم نے کس اسباب کی بنا پر یہ نام رکھا میں نے جواب دیا، کہ جب میرے قبیلے والوں میں کوئی جھگڑا رونما ہوتا ہے تو وہ لوگ میرے پاس آتے ہیں، میں ان کے فیصلے کرتا ہوں اور طرفین بلاتردد میرے فیصلے کو مان لیتے ہیں، یہ سن کر حضورؐ نے فرمایا یہ تو بہت اچھا کام ہے پھر آپ نے دریافت فرمایا کہ کیا تیرے کوئی اولاد ہے؟ میں نے کہا تین لڑکے ہیں جن کے نام ہیں شریح، مسلم، عبداللہ پھر آپ نے دریافت فرمایا کہ ان میں بڑا کون ہے میں نے کہا شریح یہ سن کر آپ نے فرمایا کہ اب تم ابوشریح کہلاؤ گے۔

ایک مرتبہ حضرت مسیبؓ آنحضورؐ کی خدمت میں تشریف لائے آپ نے ان سے پوچھا تمہارا نام کیا ہے انہوں نے جواب دیا کہ میرا نام مصنن (سخت زمین) ہے یہ سن کر حضورؐ نے فرمایا کہ نہیں تم تو سہل (نرم زمین) ہو اس کے بعد آپ نے ان کا نام تبدیل کر دیا۔

اسی طرح سرکارِ دو عالم ﷺ نے عاصی (گنہگار) عصلان (بنجر زمین) شیطان شہاب (آگ کا ستارہ) غراب (کوّا) اور اسی طرح کے دیگر ناموں کو تبدیل کر دیا، حضرت عمر فاروقؓ کی ایک بیٹی کا نام عاصیہ تھا آپ نے اس کو بدل کر جمیلہ رکھ

دیا، احادیث رسول ﷺ سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ نام اپنے اندر اثرات رکھتے ہیں اور ناموں کی وجہ سے انسانوں کے کام بنتے اور بگڑتے ہیں، چنانچہ موطا امام مالک کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ سرکار دو عالم ﷺ نے ایک دودھ دینے والی اونٹنی کو دکھا کر اپنے ساتھیوں سے دریافت فرمایا کہ تم میں سے کون شخص اس اونٹنی کا دودھ دوہے گا یہ سن کر ایک شخص کھڑا ہوا، آپؐ نے پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میرا نام مرّہ (کڑوا) ہے یہ سن کر حضورؐ نے اسے بیٹھ جانے کا حکم دیا، پھر دریافت فرمایا کہ تم میں سے کون آدمی اس اونٹنی کا دودھ دوہے گا؟ اب دوسرا شخص کھڑے ہو کر بولا، میں۔ آپ نے پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میرا نام حرب (جنگ) ہے حضورؐ نے فرمایا کہ تم بھی بیٹھ جاؤ، چنانچہ وہ شخص بھی بیٹھ گیا، پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا تم میں سے کون اس اونٹنی کا دودھ دوہے گا، یہ سن کر ایک شخص کھڑا ہو کر بولا، میں یہ کام کر سکتا ہوں آپ نے اس سے بھی پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میرا نام یعیش (زندگی گزارنے والا) ہے یہ سن کر حضورؐ نے اس کے حق میں دعاء خیر فرمائی اور اس کو دودھ دوہنے کا حکم دیا۔

اس روایت سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ جن ناموں میں کڑواہٹ ہو یا جن ناموں کے معانی تکلیف دہ یا الٹے سیدھے ہوں تو ان ناموں کے انسانوں سے کاموں میں دشواریاں پیدا ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔

احادیث میں آتا ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ اپنے صحابہ کو اس بات کی ہدایت فرمایا کرتے تھے کہ لوگوں کے پاس ایسے آدمیوں کو قاصد بنا کر بھیجو جو خوبصورت ہوں اور اچھے نام والے ہوں۔

اس کا سبب نفسیاتی تھا، اچھے نام اور اچھی صورت کا مخاطب پر اچھا اثر پڑتا ہے،

اس لئے آپ اس بات کی تاکید فرمایا کرتے تھے کہ قاصد ان ہی لوگوں کو بنایا جائے جو شکل وصورت کے اعتبار سے پرکشش ہوں اور ان کے نام بھی معانی کے اعتبار سے اچھے اور اپنے اندر جاذبیت رکھنے والے ہوں، اس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ دیکھنے اور سننے والے قاصدوں سے متاثر بھی ہوتے تھے اور محظوظ بھی۔

ایک مرتبہ آپؐ نے ارشاد فرمایا ان اللہ جمیل ویحب الجمال حق تعالیٰ خود بھی خوبصورت ہیں اور خوبصورتی کو پسند فرماتے ہیں۔ جمال سے مراد ہر طرح کا حسن وجمال ہے، ظاہری بھی باطنی بھی، ناموں کے اعتبار سے بھی شکل وصورت کے اعتبار سے بھی اور لباس اور رہن سہن کا جمال بھی مراد ہے چنانچہ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ صفائی اور نظافت کو پسند کرتے ہیں اور گندگی اور میلے اور ناپاک کپڑوں سے رحمتِ خداوندی کو وحشت ہوتی ہے اسی لئے سرکار دو عالم ﷺ نے پاکیزگی کے ساتھ ساتھ خوشبو کو خاص اہمیت دی ہے کیونکہ صاف ستھرا لباس بھی مخاطب پر اچھا اثر قائم کرتا ہے۔

احادیث کی رو سے عبداللہ اور عبدالرحمٰن جیسے نام جن میں عبدیت کی نسبت حق تعالیٰ کے کسی صفاتی نام کی طرف کی گئی ہو اللہ کے نزدیک پسندیدہ ہیں مثلاً عبدالباسط، عبدالکریم، عبدالودود، عبدالرقیب، عبدالرحیم، عبدالمغنی، عبدالغنی، عبدالمجید وغیرہ۔

اگر عبدیت کی نسبت غیر اللہ کی طرف کردی جائے تو ان ناموں سے شرک کی بو آنے لگتی ہے اور ایسے نام نہ صرف ناپسندیدہ ہوتے ہیں بلکہ ناجائز بھی ہوتے ہیں، جیسے عبدالمطلب، عبدالمناف، عبدالکعبہ، عبدالنبی وغیرہ۔

مسلمانوں میں یہ جہالت ابھی تک باقی ہے کہ وہ ناموں کی نسبت مہینوں اور دنوں کی طرف کردیتے ہیں مثلاً اگر کوئی بچہ شعبان کو پیدا ہوتا ہے تو اس کا نام شعبانی اور اگر کوئی بچہ رمضان میں پیدا ہوتا ہے تو اس کا نام رمضانی رکھ دیتے ہیں۔

اسی طرح منگل کے دن پیدا ہونے والے کو منگلو، پیر کے دن پیدا ہونے والے کو پیرو اور بدھ کے دن پیدا ہونے والے کو بدھو کہنے لگتے ہیں۔

اس سے بڑھ کر یہ کہ کالے رنگ کے بچے کو کلن یا کلوا، گورے رنگ والے کو بھورا کہہ کر پکارتے ہیں۔

اچھے خاصے ناموں کو بگاڑنے کا فیشن بھی ابھی تک برقرار ہے، جو جاہلیت کا ترکہ ہے، مثلاً آج بھی عبداللہ کو ڈلا، زبیدہ کو جبّو خلیل کو خلّو رقیہ کو رقّو، جلیل کو جلّو، ربیعہ کو ربّو اور شمع کو شمو وغیرہ پکارا جاتا ہے اور اس طرح اچھے خاصے ناموں کی ایسی کی تیسی ہو کر رہ جاتی ہے اور رفتہ رفتہ لوگ صحیح ناموں کو بھول جاتے ہیں اور بگڑے ہوئے ناموں کو صحیح سمجھنے لگتے ہیں۔

مسلمانوں میں ابھی تک ایک خرابی اور بھی ہے اور وہ یہ کہ صحیح نام کے بجائے بچوں کو پیار اور لاڈ میں خواہ مخواہ کے ناموں سے پکارنے لگتے ہیں جن کے کوئی معنی ہی نہیں ہوتے مثلاً چنو، شدّن، چنّی پپو، پاری، امی، صفو، گڈی وغیرہ وغیرہ۔

اور جب ہم کسی کا نام بگاڑ دیتے ہیں تو ہم اس کی شخصیت کا قتلِ عام کر دیتے ہیں، کیوں کہ ہر شخص کے نام میں اس کی شخصیت پوشیدہ ہوتی ہے اور جب نام ہی مٹ جائے گا تو اس کی شخصیت خود بخود پامال ہو جائے گی اور اس کی حیثیت عرفی تقریباً بے معنیٰ ہو کر رہ جائے گی، ماں باپ کو چاہئے کہ وہ محبت اور لاڈ میں آکر اپنے بچوں کے الٹے سیدھے نام نہ رکھیں، کیوں کہ بچپن میں جس طرح کے ناموں سے پکارا جائے گا عمر کے آخیر تک وہی نام سب کی زبانوں پر چڑھا رہے گا، آج بھی کئی بڑے بوڑھوں کو منے میاں، کہہ کر پکارا جاتا ہے، جو اچھا خاصا مذاق ہے، ذرا سوچیں کہ جب ہم کسی بوڑھی عورت کو منی یا کسی ادھیڑ عمر کی عورت کو گڑیا کہہ کر آواز دیتے ہیں تو اس کے ساتھ ہم کیسا گھناؤنا مذاق کرتے ہیں، کیا ۶۰ سال کی عورت کو منّی اور کیا ۷۵ سال کی عورت کو

گڑیا کہنا درست ہے؟ بہرکیف یہ بات مسلّم ہے کہ ماں باپ اپنے بچوں کو سب سے پہلے جو تحفہ عطا کرتے ہیں وہ اچھا نام ہے، دوراندیش اور عقل مند ہیں وہ ماں باپ جو اپنے بچوں کے لئے ایسے نام کا انتخاب کریں جن میں معنویت بھی ہو اور جو بولنے میں بھی آسان اور ہلکے پھلکے ہوں اور جن کے اعداد بھی تاریخ پیدائش سے مناسبت رکھتے ہوں

عدد کا مناسب ہونا دین اسلام سے ثابت نہیں ہے لیکن تجربات سے یہ بات ثابت ہے کہ نام کا عدد اگر تاریخ پیدائش کے عدد سے مناسبت نہیں رکھے گا تو بچے کی زندگی میں نشیب و فراز بہت آئیں گے اور یہ بات بھی طے شدہ ہے کہ دین اسلام نے انسان کے تجربات کو اہمیت دی ہے، اس لئے ماں باپ کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کا نام منتخب کرتے وقت معانی کا بھی خیال رکھیں، جائز اور ناجائز کا بھی خیال رکھیں، حروف کو بھی اہمیت دیں اور اعداد کو بھی ملحوظ رکھیں، اسی میں ان کے بچوں کی بھلائی ہے اور اسی میں ان کے بچوں کی آبرو ہے۔

اگر نام اچھا نہیں ہوگا تو بچہ بڑے ہو کر ماں باپ سے گلہ کرے گا اور اس کا گلہ کرنا جائز ہوگا، نام عمر کے کسی بھی دور میں بدلا جاسکتا ہے لیکن اگر نام رکھتے وقت احتیاط برت لی جائے تو بعد میں نام تبدیل کرنے کی نوبت ہی نہ آئے۔

آج بھی ہمارے معاشرے میں ایسے ہزاروں لوگ موجود ہیں جنہیں اپنے نام کے معنیٰ ہی نہیں معلوم، ماں باپ کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کو ان کے نام کے معانی بتادیا کریں تاکہ بچوں کو محفلوں میں شرمندہ نہ ہونا پڑے۔

نام کے سلسلے میں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ نام جس قدر مختصر ہوگا اتنا ہی بہتر ہوگا، لمبے چوڑے نام اکثر تکلیف پہنچاتے ہیں اور ان کو لینا اور دوسروں کے لئے یاد رکھنا بھی دشوار ہوتا ہے، بڑے ناموں کی سب سے بڑی مصیبت یہ ہوتی ہے کہ انہیں پورا لینا دشوار ہوتا ہے، انہیں توڑ توڑ کر پکارا جاتا ہے، جس سے انسان کی شخصیت ٹوٹ

پھوٹ کا شکار ہو جاتی ہے، مثلاً اگر کسی کا نام مرزا اصفدر علی بیگ ہو تو کون ان کو پورے نام سے پکارے گا، کچھ لوگ صرف مرزا جی کہا کریں گے، کچھ صفدر، کچھ علی، کچھ صفدر علی، کچھ صرف بیگ صاحب کہہ کر آواز دیں گے اور اس کا نقصان مختلف انداز سے مرزا اصفدر علی بیگ کو اٹھانا پڑے گا، اس لئے نام مختصر ہونا چاہئے، آج کل مسلمانوں میں مرکب ناموں کا جو رواج عام ہو گیا ہے اس نے شخصیات کو کافی نقصان پہنچایا ہے۔

اسی کتاب میں اس بات کی وضاحت بھی کر دی گئی ہے، کہ اپنے بچوں کا نام رکھتے ہوئے ماں باپ کو اعداد کے ساتھ ساتھ یہ بھی غور کر لینا چاہئے کہ بچوں کے لئے اچھے اور متاثر کن نام کون سے حرف سے شروع ہونے چاہئیں کیوں کہ اعداد کے ساتھ ساتھ نام کا پہلا حرف بھی بہت اہمیت رکھتا ہے اور نام کی تاثیر میں اضافہ کرنے کا سبب بنتا ہے۔

نام کے علاوہ بھی ماں باپ پر کچھ اور ذمہ داریاں بھی مسلمان ہونے کی حیثیت سے عائد ہوتی ہیں، ماں باپ کے لئے بہتر ہے کہ وہ ان ذمہ داریوں کا بھی احساس کریں کیوں کہ بچے ایک ایسا درخت ہیں جو آگے چل کر ماں باپ کو پھل دیتے ہیں اور ماں باپ کے لئے نفع بخش ثابت ہوتے ہیں لیکن کوئی بھی درخت اسی وقت بارآور ہو سکتا ہے جب اس کو بوتے وقت بھی اچھی زمین کا ہم انتخاب کریں پھر اچھی زمین میں بیج بونے کے بعد پانی کا ہوا، دھوپ اور کھاد کا ہم لحاظ رکھیں اور ان زہریلی چیزوں سے اس پودے کو بچائیں جو اس کے لئے مضر ہوں اور اس کو کھوکھلہ کرنے والے ہوں، تب اس پودے کی جڑیں مضبوط ہوں گی اور یہ آگے چل کر تناور درخت بن کر اچھا پھل دینے کا اہل ہوگا، کسی بھی کڑوی زمین میں جب ہم پودا لگاتے ہیں تو اس پودے پر کڑوے ہی پھل آتے ہیں، کیوں کہ کڑوی زمین اس کے پھلوں پر اثر انداز ہوتی ہے، اسی طرح جب ہم کسی پودے کی نشو ونما کے وقت اس کے ہوا، پانی وغیرہ کا خیال نہیں رکھتے تو وہ ٹھٹھر جاتا ہے، پھر آگے چل کر وہ ہمیں یا تو پھل ہی نہیں دیتا یا

ایسے پھل دیتا ہے جو ذائقہ اور مٹھاس سے محروم ہوں۔

بالکل اسی طرح اچھی اولاد کے لئے سب سے پہلے اچھی زمین یعنی اچھی ماں کی ضرورت پڑتی ہے، اسلام کی تعلیمات کی رو سے اس عورت کو اپنی بیوی بنانا چاہئے جو پیدا ہونے والی اولاد کے لئے اچھی ماں ثابت ہو سکے، ماں اچھی ہوگی تو اس کی کوکھ سے جنم لینے والے بچے بھی اچھے ہوں گے، پھر بچے جب اچھی ماں کی آغوش میں تربیت پائیں گے تو آگے چل کر نہ صرف وہ یہ کہ اپنے ماں باپ کے لئے نام روشن کرنے والے ثابت ہوں گے بلکہ وہ ملک وملت کے لئے باعث فخر بنیں گے، اپنے بچوں کے لئے ایک اچھی ماں منتخب کرنے کے بعد جب حمل قرار پا جائے تو اس وقت ہمیں اپنی بیوی کو گناہوں سے محفوظ رکھنا چاہئے تا کہ اس کے پیٹ میں پرورش پانے والا بچہ نیک اور حیادار ہو اور جب عورت اپنے بچے کو دودھ پلائے تب بھی اسے نیک روش کا پابند ہونا چاہئے کیوں کہ جب معصوم بچہ کسی نیک عورت کی چھاتیوں سے دودھ پیتا ہے تو یہ دودھ اس کی شخصیت پر اثر انداز ہوتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ ہمیں نام رکھنے اور پیدائش کے وقت کی تمام اسلامی ذمہ داریاں نبھانے میں مستعدی اور ذمہ داری کا ثبوت دینا چاہئے تا کہ ہمارے بچوں کی جسمانی اور روحانی صحت برقرار رہے۔

## ماں باپ کے لئے اسلامی ذمّہ داریاں

جب بچہ پیدا ہو تو اس کو پاک صاف کر کے اگر موسم سازگار ہو تو اس کو غسل دے کر اس کے ایک کان میں اذان اور ایک کان میں اقامت پڑھنی چاہئے اور یہ کام کسی بزرگ سے ورنہ خاندان کے کسی ایسے بڑے بوڑھے سے کروانا چاہئے جو نماز روزے کا پابند ہو اور ظاہراً کسی گناہ کبیرہ میں مبتلا نہ ہو۔

اذان واقامت کے پڑھنے والے کی ذمہ داری یہ ہے کہ بسم اللہ پڑھ کر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت پڑھنی

چاہئے، اس کے بعد ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر بچے کی سلامتی کی دعا کرنی چاہئے اور بچے پر دم کردینا چاہئے۔ بعض اکابرین کی رائے یہ ہے کہ بچے کی پیدائش کے فوراً بعد سب سے پہلے بچے کو خاندان کے اس فرد کی گود میں دینا چاہئے جو متقی اور پرہیز گار ہو، خواہ وہ عورت ہو یا مرد، پھر کسی بھی بزرگ کے کرتے میں سے کپڑا لے کر اس کا لباس تیار کرلینا چاہئے اور سب سے پہلے یہی لباس اس بچے کو پہنانا چاہئے، آج کل بچے کو پہلی بار ریڈی میڈ کپڑے پہنادئے جاتے ہیں جو اصولاً غلط ہے۔

## بچے کی سب سے پہلی غذا

نومولود کے منہ میں سب سے پہلے غذا ایسی جانی چاہئے جو مال طیب میں سے ہو اور یہ کسی بزرگ کے ذریعہ اس کے منہ میں جانی چاہئے، سرکار دو عالم ﷺ کے دور مسعود میں جو بچے پیدا ہوتے تھے تو سرکار دو عالم ﷺ ان بچوں کے ساتھ تحنیک کا معاملہ فرمایا کرتے تھے، تحنیک کا طریقہ یہ تھا کہ اپنے منہ میں چھوارہ یا کھجور رکھ کر اس کو چباتے تھے اور جب وہ بالکل باریک ہوجاتا تھا تو اس کا لعاب ایک چاول کے برابر بچے کی زبان پر رکھتے تھے، آج بھی یہ طریقہ رائج ہے، آج کسی بھی بزرگ یا خاندان کے کسی بھی نیک انسان کے ذریعہ تحنیک کرالینی چاہئے، اس کے بعد بچے کو گھٹی دینی چاہئے اور اس چمچ پر جس کے ذریعہ گھٹی دی جائے دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرلینا چاہئے، اس عمل سے بچہ نظر بد سے محفوظ رہتا ہے

## نام اور عقیقہ

پیدائش کے ساتویں روز بچے کے بال منڈھوادینے چاہئیں اور اس کے بالوں کے بقدر چاندی خیرات کردینی چاہئے، بالوں کو بہتے ہوئے پانی میں بہادینا چاہئے

اوراسی روز بچے کا نام رکھ دینا چاہئے۔

اگر نومولود لڑکا ہو تو دو بکرے قربان کر کے اور اگر لڑکی ہو تو ایک بکرا یا بکری ذبح کر کے عقیقہ کر دینا چاہئے، اگر حالات موافق نہ ہوں تو عقیقہ بعد میں بھی کیا جا سکتا ہے لیکن پیدائش کے ساتویں روز پیدائش کے بال صاف کر کے بچے کا نام رکھ دینا چاہئے عقیقے میں رسم ورواج غلط ہے اور اسی رسم ورواج کی وجہ سے مسلمانوں کے لئے عقیقہ کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے، عقیقے میں خاندان بھر کی دعوتیں کرنا ضروری نہیں ہے، جانور قربان کر کے اس کا گوشت رشتے داروں میں اور غریبوں میں تقسیم کر دینا چاہئے کیونکہ جب تک بچے کا عقیقہ نہیں ہوتا بچہ کسی بھی مرض اور کسی بھی آفت کا شکار ہو سکتا ہے۔

عقیقہ اگر ساتویں روز کسی مجبوری کی وجہ سے نہ کر سکیں تو عید الاضحیٰ کے وقت قربانی کے جانور میں بھی حصہ لے کر اس سنت سے سبکدوش ہو سکتے ہیں، لڑکے کے لئے دو حصے اور لڑکی کے لئے ایک حصہ بڑے جانور میں کر لینا چاہئے، عقیقہ اس طرح پیدائش کے بعد سات سال کے اندر اندر بھی کیا جا سکتا ہے، عقیقہ کی دعا یہ ہے۔

**اللھم ھذہ عقیقة** یہاں نومولود کا نام لیں **تقبلہ کما تقبلت من حبیبک محمد و خلیلک ابراھیم علیھما الصلوٰۃ والسلام دمھا بدمہ لحمھا بلحمہ شعرھا بشعرہ عظمھا بعظمہ۔**

ترجمہ: اے اللہ! یہ عقیقہ (فلاں ابن فلاں) کا ہے اس کو قبول فرما جس طرح تونے اپنے حبیب محمد ﷺ اور اپنے دوست ابراہیم علیہ السلام کی طرف سے قبول کیا تھا، اس جانور کا خون بچے کے خون کا فدیہ ہے، اس کا گوشت بچے کے گوشت کا فدیہ ہے، اس کے بال بچے کے بالوں کا فدیہ ہے، اس کی ہڈیاں بچے کی ہڈیوں کا فدیہ ہے، اس دعا کے ساتھ جانور کو ذبح کریں ورنہ ذبح کے وقت دل ہی دل میں یہ دعا پڑھیں۔

## ختنہ

بچے کی ختنے کرانا بھی اسلامی شعار میں داخل ہے، ختنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ بچے کی پیدائش کے ساتویں روز ختنے کرادیں ورنہ پھر ایک ماہ کے اندر اندر یا پھر دو سال کے اندر اندر اور بعض اکابرین کی رائے یہ ہے کہ اگر کسی مجبوری کی وجہ سے ختنے نہ کراسکیں تو سات سال کے اندر اندر اور سن بلوغ کو پہنچنے سے پہلے پہلے بہر حال ختنے کرادینی چاہئیں۔

## مزید ذمہ داریاں

بچہ جب بولنے لگے تو اس کو سب سے پہلے اللہ کا نام یاد کرائیں، پھر کلمہ طیبہ سکھائیں، سات سال کی عمر میں نماز کی تاکید کرنی چاہئے اور دس سال کی عمر میں نماز نہ پڑھنے پر بچے کو سزا دینی چاہئے، اس کے بعد اس کی تعلیم و تربیت پر خاص دھیان دیں، سرکار دو عالم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ بچوں کے لئے ماں باپ کی طرف سے بہترین عطیہ اچھی تعلیم اور اچھی تربیت ہے، اپنے بچوں کو دینی تعلیم دینی چاہئے اور دنیاوی بھی، اس کے علاوہ مختلف انداز سے اپنے بچوں کی اخلاقی تربیت کرنی چاہئے اور ان کے لب ولہجہ پر بھی خاص دھیان رکھنا چاہئے، بہت سے بچے اچھے ہوتے ہیں، ان کے اخلاق بھی بہتر ہوتے ہیں لیکن ان کا انداز گفتگو بہت خراب ہوتا جو ان کی شخصیت پر برے اثرات چھوڑ جاتا ہے، ماں باپ کو چاہئے کہ اپنے بچوں کو گفتگو کرنے کا فن بھی سکھائیں تا کہ ان بچوں کو محفلوں میں بات کرنے کا سلیقہ آجائے۔

## بچوں کے نام رکھنے کا فن

بچوں کے صحیح نام رکھنے کا فن یہ ہے کہ بچہ جس تاریخ، جس ماہ اور جس سن میں

میں پیدا ہوا ان سب کو جمع کر کے اس کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد برآمد کریں، پھر جو عدد برآمد ہو اسی عدد کا نام بچے یا بچی کے لئے منتخب کریں، اس طرح بچے کی پیدائش کا مفرد عدد حاصل کرنے کے لئے عیسوی تاریخ کو اہمیت دیں، (مہینوں میں ترتیب نمبر کو ملحوظ رکھیں)

مثلاً اگر کوئی بچہ ۱۵/مارچ ۲۰۰۴ء میں پیدا ہوا ہو تو اس کا مفرد عدد اس طرح برآمد کریں۔

۱۵
۳
۲۰۰۴
۲۰۲۲

۲
۲
۲
۶

اب ۲۰۲۲ کو صفر اڑا کر باہم جمع کریں حاصل جمع ۶ آیا، گویا کہ ۱۵ مارچ ۲۰۰۴ء کو پیدا ہونے والے بچے کا مفرد عدد ۶ ہے، اس لئے اس کا نام ۶ عدد کا رکھنا چاہئے۔

دوسری مثال : مثلاً کوئی لڑکی ۱۸/اگست ۲۰۰۳ء میں پیدا ہوئی ہو تو اس کا مفرد عدد اس طرح برآمد کریں۔

۱۸
۸
۲۰۰۳
۲۰۲۹

۲۰۲۹ کو صفر اڑا کر باہم جمع کریں تو حاصل جمع ۱۳/آئے گا، اب مفرد بنانے کے لئے ۳/اور ۱/کو جمع کریں تو ۴/برآمد ہوگا، گویا کہ ۱۸/اگست ۲۰۰۳ء کو پیدا ہونے والی لڑکی کا مفرد عدد ۴/ہے، اس لئے اس کا نام ایسا رکھنا چاہئے جس کا مفرد عدد ۴/ہو۔

# مزید احتیاط

● ۲۲ر دسمبر سے ۲۰ر جنوری کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف اگر 'ج' یا 'خ' ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۱ر جنوری سے ۱۹ر فروری کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف اگر 'س، ش، ص، یا ث' ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۰ر فروری سے ۲۰ر مارچ کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف اگر د، چ، ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۱ر مارچ سے ۲۰ر اپریل کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا اگر پہلا حرف الف، ل، ع یا ی ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۱ر اپریل سے ۲۱ر مئی کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف ب یا و ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۲ر مئی سے ۲۱ر جون کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف اگر ق یا ک ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۲ر جون سے ۲۳ر جولائی کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف ح یا ہ ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۴ر جولائی سے ۲۳ر اگست کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف م ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۴ر اگست سے ۲۳ر ستمبر کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف پ یا غ ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۴ر ستمبر سے ۲۳ر اکتوبر کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا

حرف اگر ت، ٹ، ریا ط ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۴/ اکتوبر سے ۲۲/ نومبر کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف اگر ز، ذ، ض یا ظ ہو تو بہتر ہے۔

● ۲۳/ نومبر سے ۲۱/ دسمبر کے درمیان پیدا ہونے والے بچوں کے نام کا پہلا حرف اگر 'ف' ہو تو بہتر ہے۔

## نوٹ

جو حروف قرآن حکیم میں استعمال نہیں ہوئے ان سے اگر بچوں کے نام نہ رکھے جائیں تو افضل ہے، مثلاً پ، ٹ، چ، ڑ، ڈ، ژ، گ وغیرہ۔

یہ بات یاد رکھیں کہ اگر نام کے سرِ حرف میں کوئی تبدیلی ہو جائے تو گوارہ لیکن تاریخ پیدائش کے مفرد عدد کے مطابق ہی نام رکھنا چاہئے، اگر کسی ایسے عدد سے نام رکھ دیا جائے جو تاریخ پیدائش کے عدد سے ٹکراتا ہو تو بہت سی رکاوٹیں بچے کی زندگی میں پیدا ہوتی ہیں اور حالات ہمیشہ متغیر رہتے ہیں۔

اس ضروری تفصیل کے بعد ہم ایک سے لے کر ۹ عددوں کے منتخب نام کی فہرست پیش کرتے ہیں اور ہم نے لڑکے اور لڑکیوں کے مزاج کی کیفیات کو بھی بہ اعتبار اعداد واضح کر دیا ہے تاکہ یہ اندازہ ہو سکے کہ ہمارے بچوں کا مزاج کیسا ہوگا؟ اور ان کے اندر کیا کیا خوبیاں اور کیا کیا خامیاں ہوں گی، یہ خوبیاں اور خامیاں اگر ماں باپ کے علم میں رہیں تو ان کے لئے اپنے بچوں کی تربیت کرنا نسبتاً آسان ہو جاتا ہے اور وہ اپنے بچوں کے معاملات سمجھنے میں پھر غلطی بھی نہیں کرتے۔

# ایک عدد کے لوگوں کی خصوصیات

جن حضرات کے نام کا مفرد ایک عدد بنتا ہے ان کی خصوصیات یہ ہیں۔

یہ لوگ فطرتاً آزادی پسند ہوتے ہیں، یہ لوگ کسی بھی طرح کی پابندی کو برداشت نہیں کرتے، یہ لوگ حد سے زیادہ خوددار اور غیرت مند ہوتے ہیں، یہ جلدی سے کسی کے سامنے نہ گردن جھکاتے ہیں نہ اپنا دامن پھیلاتے ہیں، ان کی طبیعت میں کسی قدر تکبرانہ رنگ کی آمیزش ہوتی ہے، یہ اگر کسی وجہ سے خودسری اختیار کرلیں تو پھر ان کو ڈکٹیٹر بننے سے کوئی نہیں روک سکتا، ان میں ضد ہوتی ہے، ہٹ دھرمی بھی ہوتی ہے اور یہ لوگ کسی بھی معاملے میں ٹس سے مس نہ ہونے کے اصولوں پر قائم ہوتے ہیں، ان حضرات کو ان کے خیالات سے ادھر ادھر کردینا بہت مشکل ہوتا ہے، یہ جس قدر مستقل مزاج ہوتے ہیں اسی قدر مستحکم مزاج کے انسان ہوتے ہیں، ان کو کسی بھی معاملے میں جمانا قدرے مشکل ہوتا ہے لیکن جب یہ جم جاتے ہیں پھر جمے رہتے ہیں، یہ لوگ پھس پھسی پالیسی کے قائل نہیں ہوتے، اسی لئے یہ لوگ دشمنی اور دوستی بہت جم کر کرتے ہیں یہ اگر کسی پر مہربان ہوجائیں تو اس کے لئے تن من دھن کی بازی لگادیتے ہیں اور اگر کسی کے مخالف ہوجائیں تو اس کو ہر طرح نقصان پہنچانے کے درپے ہوجاتے ہیں، ان میں منافقت نہیں ہوتی، ان کا رویہ دوستوں اور دشمنوں کے لئے بالکل واضح ہوتا ہے۔

یہ لوگ دوسروں کی ماتحتی برداشت نہیں کرتے، دراصل ان کو خود ہی سردار اور حاکم بننے کا شوق ہوتا ہے اس لئے یہ اگر حالات کی مجبوری کی وجہ سے کسی جگہ محکوم بن جائیں تو یہ دب کر اور جھک کر نہیں رہ پاتے، اس لئے ان کو ملازمت وغیرہ سے ہاتھ دھونے پڑتے ہیں۔

**ان کا مزاج منفرد ہوتا ہے، یہ لوگ صفائی ستھرائی کے قائل ہوتے ہیں، ان کی**

فطرت میں زبردست نفاست ہوتی ہے، گندگی ان سے برداشت نہیں ہوتی، یہ لوگ لباس کے معاملے میں اگرچہ سنجیدہ ہوتے ہیں لیکن ہر وقت صاف ستھرے لباس میں نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں، ان کے غصے، ان کی محبت، ان کی دوستی اور دشمنی پر سنجیدگی کی گہری چھاپ ہوتی ہے، تخلیقی کاموں کے لئے یہ لوگ بہت موزوں ہوتے ہیں، منصوبہ بندی کرنے میں یہ لوگ بے مثال ہوتے ہیں، یہ لوگ اگرچہ نرم مزاجی کی وجہ سے نقصان اٹھاتے ہیں لیکن اگر ان کے معاملات میں کوئی خلل ڈالے یا رکاوٹ پیدا کرے پھر یہ فولاد بن جاتے ہیں اور جب یہ دشمنی کا ارادہ کر لیتے ہیں تو ٹوٹ کر بکھیر سکتے ہیں لیکن ان کو گردن جھکا دینے پر مجبور کر دینا آسان نہیں ہوتا، ان لوگوں کی صحت بالعموم اچھی ہوتی ہے اور یہ لوگ بالعموم فربہ بدن کے مالک ہوتے ہیں، یہ محبت کے معاملے مین بھی بہت زیادہ جذباتی تو نہیں ہوتے لیکن وفادار ہوتے ہیں اور عمر کے آخر تک محبت کو نبھاتے ہیں اور حتی الامکان بے وفائی سے اپنے دامن کو بچاتے ہیں، ان لوگوں کو بلڈ پریشر، امراض قلب، ٹینشن جیسی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔

جن لوگوں کا عدد ایک ہوتا ہے وہ لوگ ستارہ شمس کے زیر اثر ہوتے ہیں، ان کے لئے اتوار کا دن اہم ہوتا ہے، ان کے لئے مبارک تاریخیں ۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ ہوتی ہیں، ان کو سنہرے، سفید اور بادامی رنگ راس آتے ہیں، پکھراج، ہیرا، اوپل اور سنہلا جیسے پتھر ان کے لئے خوش بختی کا ذریعہ بن سکتے ہیں، ایک عدد والے لوگ دوسروں کے لئے ایثار کر کے خوش ہوتے ہیں اور یہ بالعموم کامیاب ترین زندگی گزارتے ہیں اور اپنی خوشیوں میں از راہ عقل و فہم دوسروں کو شریک رکھتے ہیں۔

ایک عدد والے لوگ قسمت کے اعتبار سے لکی ہوتے ہیں اور ان کو زندگی کے تقریباً سبھی معاملات میں کامیابی ملتی اگر ان کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد بھی ایک ہو تو ان کو عروج پر پہنچنے سے کوئی چیز نہیں روک سکتی پھر ان پر فضل خداوندی موسلا دھار بارش کی طرح برستا ہے۔

# ایک عدد والے نام

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا عدد ایک بنتا ہو ان کا نام مندرجہ ذیل ناموں میں سے منتخب کریں، اگر ان ناموں میں سے کوئی نام پسند نہ ہو تو پھر ایسا نام رکھیں جس کا عدد ایک، چار یا نو بنتا ہو یہ بھی نام مبارک ہوں گے اور ایسے ناموں سے اجتناب کریں، جن کا عدد ۶ یا ۷ ہو، یہ نام بچے کے لئے غیر مبارک ثابت ہوں گے۔

(ح۔ہ)

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| ارتباط | میل ملاپ | ۶۱۳ |
| ارشد | ہدایت یافتہ | ۵۰۵ |
| افراز | بلندی | ۲۸۹ |
| اکمل | پورا، مکمل | ۹۱ |
| اخوان | بھائی | ۶۵۸ |
| ایوب | پیغمبر کا نام | ۱۹ |
| اعجاز | بزرگی، کرامت | ۸۲ |
| انتخاب | پسند کرنا | ۱۰۵۴ |
| ایاز | غلام محمود غزنوی | ۱۹ |
| ایثار | قربانی | ۷۱۲ |
| اکرام | عزت کرنا | ۲۶۲ |
| انتساب | نسبت کرنا | ۵۱۴ |
| ابرام | گرفت | ۲۴۴ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ادیم | روئے زمین | ۵۵ |
| ادریس | کھیتی کرنے والا | ۲۷۱ |
| اسعاد | خوش کرنا | ۱۳۶ |
| اکارم | کرم کرنے والا | ۲۶۲ |
| بہزاد | نیک، مشہور نعت گو شاعر کا نام | ۱۹ |
| برکت | افزائش | ۶۲۲ |
| بہلول | ایک بزرگ کا نام | ۷۳ |
| بیدار | ہوشیار | ۲۱۷ |
| بالم | عاشق | ۷۳ |
| برنی | پپوٹوں کا کنارہ | ۲۶۲ |
| بوعلی | ایک بزرگ کا نام | ۱۱۸ |
| تابش | حرارت | ۷۰۳ |
| توصیف | تعریف | ۵۸۶ |
| توقیع | عزت دینا | ۵۸۶ |
| تسخیر | فتح کرنا | ۱۲۷۰ |
| تنویل | عطا کرنا | ۴۹۶ |
| تہذیب | آراستہ کرنا | ۱۱۱۷ |
| تاشب | باہم ملنا | ۷۰۳ |
| تحمل | برداشت | ۴۷۸ |
| تختیم | مہر لگانا | ۱۴۵۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| تجنیس | ہم جنس ہونا | ۵۲۳ |
| تسمیم | مضبوط | ۵۵۰ |
| تذہیب | سونے کا پانی چڑھانا | ۱۱۱۷ |
| ثوبان | جامۂ زیب | ۵۵۹ |
| ثوران | خون کا جوش | ۷۵۷ |
| جلال | رعب، دبدبہ | ۶۴ |
| جلیل | بزرگ | ۷۳ |
| جہانگیر | دنیا فتح کرنے والا | ۲۸۹ |
| جرید | قاصد | ۲۱۷ |
| حسن | بہت اچھا | ۱۱۸ |
| حشمت | عظمت | ۷۴۸ |
| حنان | رحم کرنے والا | ۱۰۹ |
| حسیم | کام تمام کرنے والا | ۱۱۸ |
| حجاز | رہگذر | ۱۹ |
| حمیس | بہادر | ۱۱۸ |
| حنین | گریہ وزاری | ۱۱۸ |
| حسام | تلوار | ۱۰۹ |
| حجران | سونا، چاندی | ۲۶۲ |
| خازن | خزانچی | ۶۵۸ |
| خالص | کھرا | ۷۲۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| داراب | شان وشوکت | ۲۰۸ |
| دریاب | دریا | ۲۱۷ |
| دست گیر | مدد کرنے والا | ۶۹۴ |
| دل پذیر | دل پسند | ۹۴۶ |
| دلیر | بہادر | ۲۴۴ |
| ذبیل | زیر اثر | ۴۶ |
| ذکا | دانائی | ۷۲۱ |
| ذکی | سمجھ دار | ۷۳۰ |
| راز | پوشیدہ بات | ۲۰۸ |
| راشد | ہدایت یافتہ | ۵۰۵ |
| رامش | آسودگی | ۵۴۱ |
| رحیض | دُھلی ہوئی چیز | ۱۰۱۸ |
| رشید | نیک | ۵۱۴ |
| رئیس | دولت مند | ۲۷۱ |
| رموز | بھید | ۲۵۳ |
| روہین | لوہا | ۲۷۱ |
| زعیم | سردار | ۱۲۷ |
| زلفی | دروازے کی زنجیر | ۱۲۷ |
| زیب | زینت، سنگھار | ۱۹ |
| زکی | صاف ستھرا | ۳۷ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| زائر | زیارت کرنے والا | ۲۰۸ |
| سکندر | مشہور بادشاہ | ۳۳۴ |
| سلمان | صحابی رسولؐ | ۱۸۱ |
| سیار | بہت سیر کرنے والا | ۲۷۱ |
| ساغر | جام | ۱۲۶۱ |
| سلیط | حاضر جواب | ۱۰۹ |
| سنیع | نیک، خوب | ۱۹۰ |
| سبطر | ہوشیار | ۲۷۱ |
| سلاسل | زنجیر | ۱۸۱ |
| سوز | درد | ۷۳ |
| شفیع | سفارش کرنے والا | ۴۶۰ |
| شاہباز | بڑا باز جس سے شکار کرتے ہیں | ۳۱۶ |
| شمیر | تیز رفتار | ۵۵۰ |
| شب خیز | شب بیدار | ۹۱۹ |
| شواظ | آگ کا شعلہ | ۱۲۰۷ |
| شاہ دین | دین کا بادشاہ | ۳۷۰ |
| شاہق | بلند و بالا | ۴۰۶ |
| شتاب | عجلت | ۷۰۳ |
| شکیم | متشابہ | ۳۷۰ |
| صبغت اللہ | قدرتی رنگ | ۱۵۵۸ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| صاحب زادہ | شریف کا بیٹا | ۱۱۸ |
| صفی | صاف | ۱۹۰ |
| صبور | صبر کرنے والا | ۲۹۸ |
| صداقت | سچائی | ۵۹۵ |
| صلابت | مستحکم | ۵۲۳ |
| ضمیر الحق | حق کا ضمیر | ۱۱۸۹ |
| ضیاء | روشنی والا | ۸۱۱ |
| ضفیر | گندھے ہوئے بال | ۱۰۹۰ |
| ضامن | ذمہ دار | ۸۹۱ |
| طائف | طواف کرنے والا | ۹۱ |
| ظفر | کامیابی | ۱۱۸۰ |
| عمران | والد حضرت موسیٰ | ۳۶۱ |
| عائم | ارادہ کرنے والا | ۱۱۸ |
| عاطر | عطر لگانے والا | ۲۸۰ |
| عزمی | ارادہ کرنے والا | ۱۲۷ |
| عصیب | رشتے دار | ۱۷۲ |
| عصیر | انگور کا رس | ۳۷۰ |
| عبدالرحمٰن | رحمٰن کا بندہ | ۴۰۶ |
| عبدالودود | ودود کا بندہ | ۱۲۷ |
| عبدالہادی | ہادی کا بندہ | ۱۲۷ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| عبدالوالی | ذمہ دار (اللہ) کا بندہ | ۱۵۴ |
| عبدالعلی | بلندو بالا (اللہ) کا بندہ | ۲۱۷ |
| عبدالواسع | کشادہ (اللہ) کا بندہ | ۲۴۴ |
| عبدالمنعم | بخشش کرنیوالا (اللہ) کا بندہ | ۳۰۷ |
| عبدالرزاق | روزی دینے والے (اللہ کا بندہ | ۴۱۵ |
| عبدالخالق | پیدا کرنیوالا (اللہ) کا بندہ | ۸۳۸ |
| عبدالمغنی | بے نیاز (اللہ) کا بندہ | ۱۲۰۷ |
| غازی | جہاد کرنے والا | ۱۰۱۸ |
| غارس | باغبان | ۱۲۶۱ |
| غیور | غیرت مند | ۱۲۱۶ |
| غاور | غور کرنے والا | ۱۲۰۷ |
| غوری | غور کرنے والا | ۱۲۱۶ |
| فواد | شبنم | ۹۱ |
| فضل | مہربانی | ۹۱۰ |
| فائق | بلند ہونا | ۱۸۱ |
| فارض | مضبوط | ۱۰۸۱ |
| فدوی | فدا ہونا | ۱۰۰ |
| فرازمان | حکم | ۳۷۹ |
| فرازی | اونچائی | ۲۹۸ |
| فریح | فرحت دینے والا | ۲۹۸ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| فیروزمند | کامیاب | ۳۹۷ |
| قوسین | دوکمانیں | ۲۲۶ |
| قدیم | پرانا | ۱۵۴ |
| قرابت | نزدیکی | ۷۰۳ |
| کمال | خوبی | ۹۱ |
| کامل | پورا | ۹۱ |
| کشاد | فراخی | ۳۲۵ |
| کلام | بات | ۹۱ |
| کلید | کنجی | ۶۴ |
| کلیم | بات کرنے والا | ۱۰۰ |
| کمیاب | بہت کم ملنے والا | ۷۳ |
| گل بار | پھول برسانے والا | ۲۵۳ |
| لیاقت | خوبی | ۵۴۱ |
| لاجورد | ایک قیمتی پتھر | ۲۴۴ |
| لبید | ایک شاعر کا نام | ۴۶ |
| لعلین | منسوب بہ لعل | ۱۹۰ |
| مشیر | مشورہ دینے والا | ۵۵۰ |
| مومن | صاحب ایمان | ۱۳۶ |
| مجیب | جواب دینے والا | ۵۵ |
| مرتضٰی | پسندیدہ | ۱۴۴۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| معتصم | بھروسہ کرنے والا | ۶۴۰ |
| مہربان | مہربانی کرنے والا | ۲۹۸ |
| مالک | آقا | ۹۱ |
| متمکن | برقرار | ۵۵۰ |
| متوکل | بھروسہ کرنے والا | ۴۹۶ |
| مراحم | مہربانیاں | ۲۸۹ |
| مرادف | ہم معنیٰ | ۳۲۵ |
| مراقب | امیدوار | ۳۴۳ |
| مرتاض | ریاضت کرنے والا | ۱۴۴۱ |
| مستانف | نئے سرے شروع کرنیوالا | ۶۳۱ |
| مسیح | لقب حضرت عیسیٰؑ | ۱۱۸ |
| معاذ | پناہ دینا | ۸۱۱ |
| مکیل | پیمانہ | ۱۰۰ |
| ملیک | مالک | ۱۰۰ |
| مطر | برسنے والا | ۲۸۹ |
| مملوک | مقبوضہ | ۱۳۶ |
| مناص | پناہ | ۱۸۱ |
| مہرور | مہربان | ۴۵۱ |
| مہیمن | امن دینے والا | ۱۴۵ |
| میرآب | باغبان | ۲۵۳ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| متعال | اونچا | ۵۴۱ |
| مجیر | بچانے والا | ۲۵۳ |
| مکتفی | کفایت کرنے والا | ۵۵۰ |
| متقی | پرہیز گار | ۵۵۰ |
| مقیت | روزی دینے والا | ۵۵۰ |
| مرتاض | عابد | ۱۴۴۱ |
| میراب | پانی کا محافظ | ۲۵۳ |
| نوشاد | خوش رہنے والا | ۳۶۱ |
| نواز | مہربانی کرنے والا | ۶۴ |
| نارون | انار کا درخت | ۳۰۷ |
| ناظم | انتظام کرنے والا | ۹۹۱ |
| نام آور | مشہور | ۲۹۸ |
| نایاب | جو نہ مل سکے | ۶۴ |
| نوشہ | دولہا | ۳۶۱ |
| نزاکت | نازک پن | ۴۷۸ |
| نائل | حاصل کرنے والا | ۸۲ |
| واصل | ملنے والا | ۱۲۷ |
| وصیل | پہنچنے والا | ۱۳۶ |
| وجاہت | دبدبہ | ۴۱۵ |
| وحید | یکتا | ۲۸ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| واحد | اکیلا | ۱۹ |
| وقار | بردباری | ۳۰۷ |
| ولی | سرپرست | ۴۶ |
| وصی اللہ | اللہ کا وصیت کیا ہوا | ۱۷۲ |
| وافد | قاصد | ۹۱ |
| وجدان | ذکاوت | ۶۴ |
| وارق | خوبصورت | ۳۰۷ |
| ہارون | برادر موسیٰؑ | ۲۶۲ |
| ہارب | تیز رفتار | ۲۰۸ |
| ہم باز | شریف | ۵۵ |
| یاور | مددگار | ۲۱۷ |
| یاسر | بایاں | ۲۷۱ |
| یمن | مبارک ہونا | ۱۰۰ |
| یمام | جنگلی کبوتر | ۹۱ |
| حسن کریم | اچھا بخشنے والا | ۳۸۸ |
| شکیل حسن | اچھا، خوب صورت | ۴۷۸ |
| اکمل معبود | مکمل نیک بخت | ۲۷۱ |
| حسن فاروق | اچھا فرق کرنے والا | ۵۰۵ |
| وجدان شبلی | ایک بزرگ کی ذہانت | ۴۰۶ |
| مامول مرتضیٰ | منتخب خادم | ۱۵۵۸ |

# قابل توجہ

مذہب اسلام میں خدا کے صفاتی ناموں سے پہلے ”عبد“ بڑھا کر اپنی اولاد کے نام رکھنا مستحسن قرار دیا گیا ہے۔ مثلاً عبداللہ، عبدالرحمٰن، عبدالغفار، عبدالجلیل، عبدالقادر، عبدالباری، عبدالودود، عبدالرحیم، عبدالکریم وغیرہ۔

اس کے علاوہ صحابہ کرام اور سلف صالحین کے ناموں کا رکھنا بھی باعثِ خیر و برکت ہے۔

عربوں میں کنیت کے ساتھ نام رکھنے کا رواج بہت تھا۔ جیسے ابو عبیدہؓ، ابو طلحہؓ، ابوصاعت، ابوداؤد وغیرہ یا جیسے امّ کلثوم، اُمّ ہانی، اُمّ سلمہ، اُمّ حبیبہ وغیرہ یہ طریقہ بھی مستحسن مانا گیا ہے۔

بعض صحابہ اپنی بعض صفات کی وجہ سے یا بعض خطابات کی وجہ سے بھی مشہور ہوئے۔ جیسے حضرت علیؓ کو ابوتراب اور حضرت خالد بن ولیدؓ کو سیف اللہ کہا جاتا ہے، یہ طریقہ بھی محمود اور قابل عمل ہے۔

آج بھی بہت سے مسلمان صحابہ کرام کے اسی طرز کو اپناتے ہیں اور اپنا نام اپنے بچوں کے ساتھ منسوب کرتے ہیں۔ مثلاً کسی کے بیٹے کا نام حسن ہو تو وہ خود کو ابوالحسن لکھتا ہے اس طرز کو اپنانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

# دوعدد کے لوگوں کی خصوصیات

جن حضرات کے نام کا مفرد عدد دو ہوتا ہے وہ فطرتاً نیک ہوتے ہیں، شریف ہوتے ہیں اور نرم مزاج ہوتے ہیں، ان کے اندر ملنساری کا جذبہ ہوتا ہے، وہ لوگوں سے میل ملاپ پر یقین رکھتے ہیں اور حلقۂ احباب بڑھانا ان کی فطرتِ ثانیہ ہوتی ہے، ان کی ٹریجڈی یہ ہے کہ بالعموم ان کو ناقدری کے صدمات برداشت کرنے پڑتے ہیں، لیکن اس کے باوجود وہ لوگوں کے کام آتے رہتے ہیں اور تعلقات میں حتی الامکان کوئی کمی نہیں آنے دیتے، یہ ہمیشہ دوسروں کے درد وغم میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔

ان کی طبیعت میں ایک عجیب طرح کی بے قراری ہوتی ہے، ان کو کسی پل سکون نہیں ملتا، دراصل ان کا مزاج کچھ اس طرح کا ہوتا ہے کہ سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے، اس مزاج کی وجہ سے یہ اپنی پریشانیوں سے بھی پریشان رہتے ہیں اور دوسروں کی پریشانیاں بھی ان کے دکھوں میں اضافے کا سبب بنتی ہیں۔

ناپسندیدہ ماحول ان لوگوں کو چڑچڑا کردیتا ہے اور جب یہ چڑچڑے ہوجاتے ہیں تو اپنے کاموں کو ادھورا چھوڑ دیتے ہیں، ان میں کسی درجہ خوداعتمادی کی کمی ہوتی ہے اور یہ کمی ان کو بعض عظیم الشان کاموں سے روک دیتی ہے، حالانکہ ان کے اندر اُن عظیم الشان کاموں کو انجام دینے کی بھرپور صلاحیت ہوتی ہے، لیکن کسی درجہ خود اعتمادی کی کمی اور کسی درجہ کی احساس کمتری انہیں پیش قدمی سے باز رکھتی ہے، دونمبر کے افراد خواب وخیال کی دنیا میں زیادہ مگن رہتے ہیں، یہ حد سے زیادہ حساس بھی ہوتے ہیں، اسی لئے اپنے اردگرد جو بھی ماحول ہو اس سے بہت جلد متاثر ہوجاتے ہیں، ان کو کسی بھی رنگ میں رنگ لینا آسان ہوتا ہے، دوعدد کے لوگ محبت پرست

ہوتے ہیں اور بہت جلد دام محبت میں گرفتار ہو جاتے ہیں، ان کے اندر فضول خرچی کا بھی مادہ ہوتا ہے اور فضول خرچی انہیں کبھی کبھی بہت زیادہ تنگ دست بھی کر دیتی ہے اور یہ اچھے خاصے مقروض بھی ہو جاتے ہیں ان کے اندر ایک خامی یہ بھی ہوتی ہے کہ اپنی زندگی کے قیمتی اوقات کو لایعنی اور فضول باتوں میں بھی ضائع کر دیتے ہیں، اگرچہ یہ لوگ ہمدرد قسم کے انسان ہوتے ہیں لیکن زیادہ تر ان کی ہمدردیاں اپنے اہل خاندان کے لئے ہوتی ہیں۔

جن افراد کا مفرد عدد ۲ ہو ان حضرات کی ایک، چار اور ۷ عدد والوں سے خوب جمتی ہے، البتہ ۵ کا عدد ان کا دشمن عدد ہے، سبز اور سفید رنگ ان کے لئے مبارک ثابت ہوتے ہیں، ان کو موتی، ایل اور سنہلا وغیرہ پتھر راس آتے ہیں اور ان کے لئے خوش بختی کا باعث ثابت ہوتے ہیں۔

ان حضرات کے لئے اتوار، پیر اور جمعہ بالعموم مبارک ثابت ہوتے ہیں، ہر انگریزی ماہ کی ۲، ۱۱، ۲۰ر اور ۲۹ر تاریخیں ان کے لئے اہم ثابت ہوتی ہیں۔

ان حضرات پر عمر کے کسی بھی حصے میں ان امراض کا حملہ ممکن ہے، امراضِ معدہ، آنتوں کے امراض، رسولی، پھوڑے پھنسیاں وغیرہ۔

دو عدد کے افراد کو چاہئے کہ وہ جنوری، فروری، اور جولائی میں خاص طور سے اپنی صحت کا خیال رکھیں، ان مہینوں میں ان پر کسی بھی بڑی بیماری کا حملہ ہو سکتا ہے۔

اگر دو عدد والے افراد کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد بھی دو ہی بنتا ہو تو پھر ان کی زندگی میں خوش حالی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں اور ایسے لوگوں کو زندگی کے نشیب و فراز کا سامنا زیادہ نہیں کرنا پڑتا، اس لئے جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۲ر بنتا ہو ان کا نام ایسا رکھنا چاہئے جس کا مفرد عدد ۲ر ہو۔

☆☆☆☆

# دو عدد والے نام

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا عدد دو بنتا ہو ان کا نام مندرجہ ذیل ناموں سے منتخب کریں، اگر ان ناموں میں سے کوئی پسند نہ ہو تو کوئی ایسا نام رکھیں جن کا مفرد عدد ۲ر یا ۸ر بنتا ہو، یہ نام بھی ان بچوں کے لئے مبارک ثابت ہوں گے اور ایسے ناموں سے اجتناب کریں جن کا مفرد عدد ۵ر بنتا ہو کیوں کہ ۵ر عدد والے نام ان بچوں کے لئے غیر مبارک ثابت ہوں گے۔۔ (ح۔ہ)

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| آریز | قومی رہنما | ۲۱۸ |
| اظفر | کامیاب ترین | ۱۱۸۱ |
| ارشاد | راستہ دکھانے والا | ۵۰۶ |
| اخلاص | خلوص | ۷۲۲ |
| افضل | برتر | ۹۱۱ |
| امین | امانت دار | ۱۰۱ |
| اشتیاق | آرزو | ۸۱۲ |
| اجمل | بہت خوبصورت | ۷۴ |
| اجلال | بزرگی | ۶۵ |
| آفاق | آسمان کا کنارہ | ۱۸۲ |
| ابدال | جانشین | ۳۸ |
| احترام | تعظیم کرنا | ۶۵۰ |
| احسن | بہت اچھا | ۱۱۹ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| اخیار | جمع خیر | ۸۱۲ |
| اخیل | تل والا | ٦۴۱ |
| امتنان | احسان | ۵۴۲ |
| اصفر | زرد | ۳۷۱ |
| اعتدال | میانہ روی | ۵۰٦ |
| امان | حفاظت | ۹۲ |
| امروز | آج کا دن | ۲۵۴ |
| انکشاف | ظاہر کرنا | ۴۵۲ |
| اسد | شیر | ٦۵ |
| اشہر | بہت مشہور | ۵۰٦ |
| ایمن | بے خوف | ۱۰۱ |
| ابشام | خوشبودار درخت | ۳۴۴ |
| بابو | افسر | ۱۱ |
| پارس | ایک قیمتی پتھر | ۲٦۳ |
| تحلیم | آرائش | ۴۸۸ |
| توفیق | موافقت کرنا | ۵۹٦ |
| تبریک | مبارک باد دینا | ٦۳۲ |
| تسنیم | جنت کی ایک نہر | ۵٦۰ |
| ثالب | غلطیاں پکڑنے والا | ۵۳۳ |
| ثمر | پھل | ۷۴۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| جانب | طرف | ۵۶ |
| جمیل | خوبصورت | ۸۳ |
| جمال | حُسن | ۷۴ |
| جعفر | ندی | ۳۵۳ |
| حامز | خوش مزاج | ۵۶ |
| حاسن | خوبصورت | ۱۱۹ |
| حرمان | مکہ اور مدینہ | ۲۹۹ |
| حصار | دائرہ کھینچنا | ۲۹۹ |
| حفیل | بہت زیادہ | ۱۲۸ |
| حازم | ہوشیار | ۵۶ |
| حسان | بہت اچھا | ۱۱۹ |
| حلیف | مددگار | ۱۲۸ |
| حاسن | چاند | ۱۱۹ |
| حسرت | ارمان | ۶۶۸ |
| حَسین | خوبصورت | ۱۲۸ |
| حُسین | حسن کی تصغیر | ۱۲۸ |
| حمیز | دانا | ۶۵ |
| حاطب | فربہ | ۲۰ |
| خبیب | صحابی کا نام | ۶۱۴ |
| خلیق | خوش اخلاق | ۷۴۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| خسرو | صاحب اقتدار | ۸۶۶ |
| خباب | ایک صحابی کا نام | ۶۰۵ |
| خبیر | واقف | ۸۱۲ |
| خورسند | خوش | ۹۲۰ |
| دربار | موتی برسانے والا | ۴۰۷ |
| دادر | دوست | ۲۰۹ |
| دلبر | دل لینے والا | ۲۳۶ |
| دیروز | گزرا ہوا کل | ۲۲۷ |
| ذکاوت | عقل مندی | ۱۱۲۷ |
| ذوقان | پسندیدہ | ۸۵۷ |
| ذوالفقار | تلوار حضرت علیؓ | ۱۱۱۸ |
| ربانی | رب والا | ۲۶۳ |
| رمید | کثرت | ۲۵۴ |
| روباص | کھری بات کرنے والا | ۲۹۹ |
| رہبر | رہنما | ۴۰۷ |
| رضا | خوشنودی | ۱۰۰۱ |
| رئیس | بہادر | ۲۷۲ |
| رضی | پسندیدہ | ۱۰۱۰ |
| رازی | ایک بزرگ کا نام | ۲۱۸ |
| راعی | نگہبان | ۲۸۱ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| رُسل | پیغام | ۲۹۰ |
| رشاقت | خوش قامت | ۱۰۰۱ |
| رفاہت | آرام کی زندگی | ٦٨٦ |
| رمضان | قمری مہینہ کا نام | ۱۰۹۱ |
| راسب | بردبار | ۲۶۳ |
| زہران | سورج اور چاند | ۲۶۳ |
| سیم | چاندی | ۱۱۰ |
| سید | سردار | ۷۴ |
| سارب | ظاہر | ۲۶۳ |
| سلیمان | نام پیغمبر | ۱۹۱ |
| ساگر | سمندر | ۲۸۱ |
| سام | رستم کے دادا کا نام | ۱۰۱ |
| سلاست | آسان، ہموار | ۵۵۱ |
| سمیط | موتیوں کی لڑی | ۱۱۹ |
| شامل | مل جانا | ۳۷۱ |
| شہاب | شعلہ | ۳۰۸ |
| شاداب | تروتازہ | ۳۰۸ |
| شایان | موزوں | ۳۶۲ |
| شاذ | انوکھا | ۱۰۰۲ |
| شہیر | مشہور | ۵۱۵ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| شہاب | بلند ہونے والا | ۳۰۸ |
| سنان | بہادر | ۱۹۱ |
| صفوان | چمک دار | ۲۲۷ |
| صاحب | دوست | ۱۰۱ |
| صارف | خرچ کرنے والا | ۳۷۱ |
| صبیح | گوری رنگت والا | ۱۱۰ |
| صدارت | صدر نشینی | ۶۹۵ |
| صفیر | پرندوں کی آواز | ۳۸۰ |
| ضابط | قوی | ۸۱۲ |
| ضمیرالحسن | حسن کا ضمیر | ۱۱۹۹ |
| طالع | نصیب | ۱۱۰ |
| طارف | عمدہ | ۲۹۰ |
| ظریف | لطیفہ گو | ۱۱۹۰ |
| ظفیر | کامیاب | ۱۱۹۰ |
| ظافر | فتح مند | ۱۱۸۱ |
| عاقب | نائب | ۱۷۳ |
| عکرمہ | نام صحابی | ۳۳۵ |
| علی | بلند | ۱۱۰ |
| عقیب | پیروی کرنے والا | ۱۸۲ |
| عالمگیر | دنیا کو فتح کرنے والا | ۳۷۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| عسجد | سونا | ۱۳۷ |
| عبدالنافع | نفع بخش (اللہ کا بندہ | ۳۵۸ |
| عبدالعظیم | عظمت والے (اللہ کا بندہ | ۱۱۲۷ |
| عبدالغفار | معاف کرنیوالے (اللہ) کا بندہ | ۱۳۸۸ |
| عویس | مددگار | ۱۴۶ |
| غنیم | خزانہ | ۱۱۰۰ |
| غلیان | جوش | ۱۰۹۱ |
| غیاض | جنگل | ۱۸۱۱ |
| فاضل | عالم | ۹۱۱ |
| فتح | جیت | ۴۸۸ |
| فردان | بے مثال | ۳۳۵ |
| فریاض | کشادہ | ۱۰۹۱ |
| فیلیز | شاداب | ۱۳۷ |
| فرمان | شاہی حکم | ۳۷۱ |
| فرہاد | عاشق شیریں | ۲۹۰ |
| فضیل | ولی کا نام | ۹۲۰ |
| فریدالحسن | ممتاز | ۴۴۳ |
| قاضی | فیصلہ کرنے والا | ۹۱۱ |
| کاسب | کاریگر | ۸۳ |
| کعب | بزرگی | ۹۲ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| کیف | خوشی | ۱۱۰ |
| کنوز | خزانے | ۸۳ |
| گل برگ | گلاب کی پتی | ۲۷۲ |
| لمعان | روشن ہونا، منور | ۱۹۱ |
| لہیب | بھڑکنے والی آگ | ۴۷ |
| مارد | بلند خیال | ۲۴۵ |
| مرزوق | رزق حاصل کرنے والا | ۳۵۳ |
| مبشر | بشارت دینے والا | ۵۴۲ |
| مامون | محفوظ | ۱۳۷ |
| محمد | نام مصطفیٰ | ۹۲ |
| محمد اسعد | نیک بخت | ۲۲۷ |
| مبارک | برکت والا | ۲۶۳ |
| مرسلین | مرسل کی جمع | ۳۹۰ |
| مرید | خواہش مند | ۲۵۴ |
| مستجیب | جواب دینے والا | ۵۱۵ |
| مستجیر | پناہ مانگنے والا | ۷۱۳ |
| مسرور | خوش | ۵۰۶ |
| مغیث | فریاد کو پہنچنے والا | ۱۵۵۰ |
| مکتوم | پوشیدہ | ۵۰۶ |
| ممتاز | نمایاں | ۴۸۸ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| منصب | عہدہ | ۱۸۲ |
| منظر | نظارہ | ۱۱۹۰ |
| منعم | انعام دینے والا | ۲۰۰ |
| میمون | مبارک | ۱۴۶ |
| مجاہز | اسباب والا | ۵۶ |
| مجتہد | کوشش کرنے والا | ۴۵۲ |
| محسنین | احسان کرنے والے | ۲۱۸ |
| محور | وہ چیز جس پر کوئی گھومے | ۲۵۴ |
| مرام | مقصد | ۲۸۱ |
| مستقیم | سیدھا | ۶۵۰ |
| مشہور | معروف | ۵۵۱ |
| مظہر | ظاہر ہونے کی جگہ | ۱۱۴۵ |
| مغنی | غنی کرنے والا | ۱۱۰۰ |
| مفاز | پہنچنے کی جگہ | ۱۲۸ |
| معاطف | مہربان | ۲۰۰ |
| مقسط | عادل | ۲۰۹ |
| ملھوب | بھڑکی ہوئی آگ | ۸۳ |
| محتشم | عزت والا | ۴۸۸ |
| منسلک | شامل | ۲۰۰ |
| منشور | فرمان | ۵۹۶ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| مراد | تمنا | ۲۴۵ |
| نبیل | خوبصورت | ۹۲ |
| نفیس | پاکیزہ | ۲۰۰ |
| نوشین | شہد | ۴۱۶ |
| نورانی | روشن | ۳۱۷ |
| نامی | مشہور | ۱۰۱ |
| نصرت | کامیابی | ۷۴۰ |
| نوشیرواں | ایرانی بادشاہ | ۶۲۳ |
| نواف | زیادہ کرنے والا | ۱۳۷ |
| نادی | اعلان کرنے والا | ۶۵ |
| ناشر | نشر کرنے والا | ۵۵۱ |
| واسع | کشادہ | ۱۳۷ |
| ودود | محبت کرنے والا | ۲۰ |
| والی | دوست | ۴۷ |
| وائل | حفاظت میں آنا | ۳۸ |
| وجیہ الحسن | خوش رو | ۱۷۳ |
| وسالت | وسیلہ ہونا | ۴۹۷ |
| وسیلت | واسطہ | ۵۰۶ |
| ہادی | رہنما | ۲۰ |
| ہنرور | کاریگر | ۴۶۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| یحییٰ | پیغمبر کا نام | ۲۹ |
| یمین | دایاں | ۱۱۰ |
| یمان | دایاں | ۱۰۱ |
| مشمول | شامل کیا گیا | ۴۱۶ |
| مرام | مقصد | ۲۸۱ |
| منسلک | لڑی میں پرویا ہوا | ۲۰۰ |
| لمعان | روشن ہونا | ۱۹۱ |
| حُسان | خوب صورت مرد | ۱۱۹ |
| امروز | آج کا دن | ۲۵۴ |
| کلامی | کلام سے منسوب | ۱۰۱ |
| فکاہت | زندہ دلی | ۵۰۶ |
| طارف | عمدہ | ۲۹۰ |
| سعید اخلاص | نیک بخت خلوص | ۸۶۶ |
| افضل ذہین | ذہانت میں افضل | ۱۶۷۶ |
| علی ارفع | بلند و بالا | ۴۶۱ |
| یکسون | برابر | ۱۴۶ |
| یک رو | سچا دوست | ۲۳۶ |
| وصید | چوکھٹ | ۱۱۰ |
| مدار | گردش کی جگہ | ۲۴۵ |
| شایان | جائز | ۳۶۲ |

# قابلِ توجہ

جب بچہ بولنے لگے تو سب سے پہلے اس کو کلمہ یاد کرانا چاہئے۔

جب وہ کچھ اور ہوشیار ہو جائے تو اس کو رسول اللہ ﷺ کے اہل بیت کے نام یاد کرانے چاہئیں۔

جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو ماں باپ کے لئے ضروری ہے کہ اسے نماز کا حکم دیں اور جب بچہ دس سال کا ہو جائے تو نماز نہ پڑھنے پر اسے سزا دینی چاہئے۔

سرکارِ دو عالم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ اولاد کے لئے ماں باپ کی طرف سے اچھی تربیت سے بہتر کوئی عطیہ نہیں ہے۔

(مشکوٰۃ شریف)

ماں باپ کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو آداب و اخلاق کی تعلیم چھوٹے ہی سے دینی شروع کریں اور انہیں سمجھائیں کہ اپنے بڑوں کا احترام کریں جو بھی عمر میں، مرتبہ میں، علم میں یا بزرگی اور تقویٰ میں بڑا ہو اس کی عزت کرنا اسلامی فریضوں میں داخل ہے، سرکارِ دو عالم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس نے بڑوں کا احترام نہیں کیا اور چھوٹوں کے ساتھ شفقت کا معاملہ نہیں کیا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

# تین عدد کے لوگوں کی خصوصیات

جن حضرات کا مفرد عدد تین ہوتا ہے وہ منفرد مزاج کے لوگ ہوتے ہیں اور ان کے عزائم بھی بہت پختہ ہوتے ہیں ارادے کی پختگی کی وجہ سے ان میں اپنی بات منوانے اور اسے پوری کرانے کی بھرپور صلاحیت ہوتی ہے، ۳/عدد کے لوگ بلند مرتبہ حاصل کرنے کے طلب گار ہوتے ہیں، کیونکہ یہ اپنی زندگی میں کم حیثیت اور کم درجے پر قناعت کرنے والے نہیں ہوتے یہ ہمیشہ اونچے درجے پر پہنچنے کے لئے اپنی جدوجہد جاری رکھتے ہیں، ان کا مزاج آمرانہ ہوتا ہے، یہ لوگ مطلق العنان قسم کے لوگ ہوتے ہیں اس لئے وہ یہ چاہتے ہیں کہ کوئی بھی شخص ان کی بات نہ ٹالے، ان کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ لوگ ان کے آگے اپنا سر تسلیم خم کریں اور ہر حال میں ان کی ہاں میں ہاں ملائیں، چونکہ ۳/عدد کے افراد میں اپنی بات کو منوا لینے کی اہلیت ہوتی ہے، اس لئے وہ لوگوں کو اپنے حکم کی تعمیل کرنے پر مجبور کردیتے ہیں، ۳/عدکے دلوگ خود بھی ضابطوں کے پابند ہوتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ دوسرے لوگ بھی ان کے بنائے ہوئے ضابطوں کی پابندی کریں، ۳/عدد کے لوگ بہادر بھی ہوتے ہیں اور باہمت بھی، یہ لوگ کسی کی ماتحتی جلدی سے برداشت نہیں کرسکتے، ۳/عدد والے لوگ ہر قسم کے کاروبار میں کامیاب رہتے ہیں اور چونکہ یہ لوگ محنت و مشقت سے جان نہیں چراتے اس لئے ان کو مطلوبہ کاروبار میسر آہی جاتا ہے اور رفتہ رفتہ یہ اپنی جدوجہد اور لگن کی وجہ سے اونچے عہدوں پر بھی پہنچ جاتے ہیں، کسی ایک جگہ قناعت کرکے بیٹھ جانا ان کی فطرت نہیں ہے، اس لئے یہ آہستہ آہستہ بلند مرتبے تک پہنچ جاتے ہیں، ان لوگوں کی عادت چونکہ اپنی بات منوانے کی ہوتی ہے اور اپنی خداداد صلاحیتوں کی وجہ سے یہ اپنی بات منوانے میں کامیاب بھی ہوجاتے ہیں لیکن جب کوئی ان کی بات کو نہیں مانتا تو پھر یہ جھلا اٹھتے ہیں اور اس کو سزا دینے اور اس سے بدلہ لینے کے منصوبے

بنانے لگتے ہیں، تعیش، نفس پرستی اور غیر ذمہ داری بھی ان حضرات کی ذات کی خصوصیات ہیں جو منفی ماحول ہونے کی وجہ سے ان کے اندر پیدا ہو جاتی ہیں اور جب ایسا ہوتا ہے تو یہ لوگ بہت ہی مغرور اور سرکش ہو جاتے ہیں، ۳/عدد کے لوگ بہت جلد احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں۔

جن حضرات کا مفرد عدد ۳/ ہوتا ہے ان کے لئے ہر انگریزی ماہ کی ۳، ۱۲، ۲۱/ اور ۳۰/ تاریخیں اہم ہوا کرتی ہیں، منگل، جمعرات اور جمعہ ان حضرات کے لئے مبارک دن ہیں۔

ان حضرات کو نیلا اور گلابی رنگ خاص طور سے راس آتا ہے، جن حضرات کا مفرد عدد ۶/ یا ۹/ ہوگا وہ حضرات ۳/عدد والوں کے لئے دوست ثابت ہوتے ہیں، جبکہ ۳/عدد والے افراد کو وہ لوگ راس نہیں آتے جن کا مفرد عدد ۴/ یا ۸/ ہو۔

۳/عدد والے افراد کو فروری، جون، ستمبر اور دسمبر میں اپنی صحت کا خیال رکھنا چاہئے کیونکہ ان مہینوں میں ان پر کسی بڑی بیماری کا حملہ ہو سکتا ہے۔

۳/عدد والے حضرات کو اللہ کے فضل و کرم سے گارنیٹ اور کٹیلا راس آتے ہیں، ان نگینوں کو ۷/ گرام چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر پہننا چاہئے۔

۳/عدد والے حضرات عام طور پر ورم، اعصابی کمزوری، عرق النساء اور امراضِ جلد کا شکار ہو جاتے ہیں۔

۳/عدد والے حضرات کے لئے چقندر، کاسنی، آڑو، سیب، شہتوت، زیتون، ککر وندا، انار، انناس، انگور، پودینہ، زعفران، جائفل، بادام، انجیر، اور لونگ وغیرہ مفید ثابت ہوتے ہیں اور ان کی تندرستی کا ذریعہ بنتے ہیں۔

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۳/ بنتا ہو ان کا نام ۳/عدد والے ناموں میں سے رکھنا چاہئے کیونکہ سب سے زیادہ ایسے بچوں کو ۳/عدد کا نام ہی راس آسکتا ہے۔

# تین عدد والے نام

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۳ / بنتا ہو ان کے نام مندرجہ ذیل ناموں میں سے منتخب کریں، اگر ان میں سے کوئی نام پسند نہ ہو تو کوئی ایسا نام رکھیں جس کا مفرد عدد ۳ / بنتا ہو یا جس کا مفرد عدد ۵، ۶، ۷ یا ۹ / بنتا ہو، یہ نام بھی ان بچوں کو راس آئیں گے، البتہ ۴ / اور ۸ / عدد والے ناموں سے گریز کریں کیوں کہ یہ نام ۳ / عدد والے بچوں کے لئے غیر مبارک ثابت ہوں گے۔ (ح۔ ہ)

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| احسان | کارِ خیر | ۱۲۰ |
| احتشام | شان و شوکت | ۷۵۰ |
| اعظم | بڑا | ۱۰۱۱ |
| امجد | بزرگ | ۴۸ |
| انس | انسیت رکھنے والا | ۱۱۱ |
| افضال | فضل کی جمع | ۹۱۲ |
| الیاس | نام پیغمبر | ۱۰۲ |
| اسرار | بھید | ۴۶۲ |
| اجمال | مختصر | ۷۵ |
| ابیض | سفید | ۸۱۳ |
| اخلاق | خلق کی جمع | ۷۳۲ |
| اظفار | ظفر کی جمع | ۱۱۸۲ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| اقدس | بہت پاک | ۱۶۵ |
| اصباح | صبح کا ہونا | ۱۰۴ |
| اعتماد | بھروسہ | ۵۱۶ |
| التفات | توجہ | ۹۱۲ |
| انتسام | خوشبو سونگھنا | ۵۵۲ |
| آبنص | خوش نصیب | ۹۳ |
| اذعان | فرماں بردار | ۸۲۲ |
| البان | سفیدی مائل | ۸۴ |
| بارز | غالب | ۲۱۰ |
| بشارت | خوش خبری | ۹۰۳ |
| بختاور | خوش نصیب | ۱۲۰۹ |
| بدایت | آغاز | ۴۱۷ |
| بُرناک | نوجوان | ۲۷۳ |
| بخشی | حساب رکھنے والا | ۹۱۲ |
| تصور | خیال | ۶۹۶ |
| تدبّر | غور کرنا | ۶۰۶ |
| تشبیب | آگ روشن کرنا | ۷۱۴ |
| تطہیر | پاک کرنا | ۶۲۴ |
| تابندہ | چمکنے والا | ۴۶۲ |
| تکرم | مہربانی کرنا | ۶۶۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| تاجیل | مہلت | ۴۴۴ |
| تاہب | چوکنا | ۴۰۸ |
| تشبیب | غزل | ۷۱۴ |
| تنصیر | ناز ونعت سے پالنا | ۷۵۰ |
| ثابت | برقرار | ۹۰۳ |
| ثانی | دوسرا | ۵٦١ |
| ثمیر | پھل دار | ۷۵۰ |
| جاور | بہادر | ۲۱۰ |
| جاحظ | بڑی آنکھوں والا | ۹۱۲ |
| جاسر | شجاعت والا | ۲٦۴ |
| جرلیس | اعلان سفر کرنے والا | ۲۷۳ |
| حافد | دوست | ۹۳ |
| حکمت اللہ | اللہ کی حکمت | ۵۳۴ |
| خرم | خوش | ۸۴۰ |
| خوشنود | خوشی | ۹٦٦ |
| خوشتر | بہت زیادہ خوش | ۱۵۰٦ |
| خیام | خیمے کی جمع | ٦۵۱ |
| دامل | خاطر کرنا | ۷۵ |
| دانشور | عقل مند | ۵٦١ |
| درمک | نرم مٹی | ۲٦۴ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| دل ساز | دل کو لگنے والا | ۱۰۲ |
| دل کش | مرغوب | ۳۵۴ |
| دیدار | نظارہ | ۲۱۹ |
| ذاکر | یاد کرنے والا | ۹۲۱ |
| ذکوان | سمجھدار | ۷۷۷ |
| ذبیح اللہ | حضرت اسماعیلؑ کا لقب | ۷۸۶ |
| ذوالکفل | ایک نبی کا نام | ۸۶۷ |
| ذکیر | اللہ کا ذکر کرنے والا | ۹۳۰ |
| ذوبان | گزارش | ۷۵۹ |
| ربیع | موسم بہار | ۲۸۲ |
| ریاض | باغ | ۱۰۱۱ |
| رافق | مہربان | ۳۸۱ |
| راول | سردار | ۲۳۷ |
| رسیل | ارسال کرنا | ۳۰۰ |
| رفیق | ساتھی | ۳۹۰ |
| راضی | رضامند | ۱۰۱۱ |
| رفعت | اونچائی | ۷۵۰ |
| رحب | فراخ | ۲۱۰ |
| زبیب | خشک انگور | ۲۱ |
| زبیر | پھل دار درخت | ۲۱۹ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| زید | بڑھنے بڑھانے والا | ۲۱ |
| زواہر | روشن چیزیں | ۲۱۹ |
| سراج | چراغ | ۲۶۴ |
| سفیان | مشہور صحابی | ۲۰۱ |
| سالک | راستہ چلنے والا | ۱۱۱ |
| ساویز | اچھی عادت والا | ۸۴ |
| سبیل | راستہ | ۱۰۲ |
| سلسبیل | جنت کی ایک نہر کا نام | ۱۹۲ |
| سمسام | تلوار | ۲۰۱ |
| سمنان | ایک شہر کا نام | ۲۰۱ |
| سمیع اللہ | اللہ کی سننے والا | ۲۴۶ |
| سہوم | شاہین | ۱۱۱ |
| شیبان | رات کو جاگنے والا | ۳۶۳ |
| شعب | گروہ | ۳۷۲ |
| شمیم | خوشبو | ۳۹۰ |
| شبیر الحق | | ۶۵۱ |
| شجان | غیرت مند | ۳۵۴ |
| شمائل | عادات | ۳۷۲ |
| صالح | نیک | ۱۲۹ |
| صعراب | نیک راستہ | ۳۶۳ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ضومیر | سرکار دو عالم کا غلام | ١٠٥٦ |
| طیب | پاک | ٢١ |
| طفیل | وسیلہ | ١٢٩ |
| صاعد | ترقی کرنے والا | ١٦٥ |
| صراط | راستہ | ٣٠٠ |
| عاصم | بچانے والا | ٢١٠ |
| عابر | غور و کرنے والا | ٢٧٣ |
| عارب | جو نہر پانی سے بھری ہو | ٢٧٣ |
| عدی | صحابی کا نام | ٨٤ |
| عقیل | عقل مند | ٢١٠ |
| عالی | بلند | ١١١ |
| عمود | ستون | ١٢٠ |
| عظیم | بڑا | ١٠٢٠ |
| عظام | بزرگ | ١٠١١ |
| عجب | انوکھا | ٧٥ |
| علمدار | علم اٹھانے والا | ٣٤٥ |
| عبدالاحد | یکتا (اللہ کا بندہ) | ١٢٠ |
| عبدالغفور | بخشش کرنیوالا (اللہ) کا بندہ | ٣٦٣ |
| غفیر | چھپانے والا | ١٢٩٠ |
| غریف | گھنا درخت | ١٢٩٠ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| فراست | دانائی | ۷۴۱ |
| فصاحت | خوش کلامی | ۵۷۹ |
| فارق | فرق کرنے والا | ۳۸۱ |
| فاحم | ٹھہرا ہوا پانی | ۱۲۹ |
| فاتح | فتح کرنے والا | ۴۸۹ |
| فخرالدین | دین کے لئے | ۹۷۵ |
| فرساد | دانش مند | ۳۴۵ |
| فوز | کامیابی | ۹۳ |
| فیصل | فیصلہ کرنے والا | ۲۱۰ |
| قسیم | تقسیم کرنے والا | ۲۱۰ |
| قاسم | تقسیم کرنے والا | ۲۰۱ |
| قیوم | قائم رہنے والا | ۱۵۶ |
| قمرالحسن | خوبصورت چاند | ۴۸۹ |
| قیام الدین | دین کو قائم کرنے والا | ۲۴۶ |
| قویم | مضبوط | ۱۵۶ |
| کاشان | شہر کا نام | ۳۷۲ |
| کیفی | سرشار | ۱۲۰ |
| کوکب | روشن ستارہ | ۴۸ |
| کوشی | کوشش کرنے والا | ۳۳۶ |
| لطیف | مہربان | ۱۲۹ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| لفیظ | اچھالا ہوا | ۱۰۲۰ |
| مبرم | پائے دار | ۲۸۲ |
| مبین | روشن | ۱۰۲ |
| ماجد | قابل احترام | ۴۸ |
| ماہر | ہنر مند | ۲۴۶ |
| مکرم | برگزیدہ | ۳۰۰ |
| مونس | دوست | ۱۵۶ |
| مدبر | عقل مند | ۲۴۶ |
| مثیب | اجر دینے والا | ۵۵۲ |
| مستنصر | فتح یاب | ۸۴۰ |
| مظاہر | مدد دینے والا | ۱۱۴۶ |
| معصوم | گناہ سے محفوظ | ۲۴۶ |
| مفیض | فیض پہنچانے والا | ۹۳۰ |
| مناظر | منظر کی جمع | ۱۱۹۱ |
| منیب | حق کی طرف پھرنے والا | ۱۰۲ |
| منیر | روشن | ۳۰۰ |
| مجید | بزرگ | ۵۷ |
| محاسب | حساب لینے والا | ۱۱۱ |
| مدرک | دانش مند | ۲۶۴ |
| مشارب | مشروب کی جمع | ۵۴۳ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| مشام | سونگھنے کی قوت | ۳۸۱ |
| نزیم | نرمی رکھنے والا | ۳۰۰ |
| نادر | کمیاب | ۲۵۵ |
| نجم | ستارہ | ۹۳ |
| نافذ | جاری کرنے والا | ۸۳۱ |
| نافع | فائدہ پہنچانے والا | ۲۰۱ |
| نورالعین | آنکھوں کا نور | ۴۱۷ |
| نمیر | پاکیزہ پانی | ۳۰۰ |
| نشاج | تلاش کرنے والا | ۳۴۵ |
| وامق | دوست رکھے والا | ۱۴۷ |
| وکیل | مختار | ٦٦ |
| وشیک | تیز رفتار | ۳۳٦ |
| ولی نعمت | پرورش کرنے والا | ٦۰٦ |
| ہلال | نیا چاند | ٦٦ |
| ہابیل | آدمؑ کے بیٹے کا نام | ۴۸ |
| ہماک | اشارہ | ٦٦ |
| یاسم | چنبیلی کا پھول | ۱۱۱ |
| یوسف | ایک پیغمبر کا نام | ۱۵٦ |
| مکرّم بلال | بزرگ بلال | ۳٦۳ |
| رحمت معصوم | پاک صفت رحمت | ۸۷٦ |

# قابلِ توجہ

عرب کئی خاندانوں اور قبیلوں میں بٹے ہوئے تھے اور ہر قبیلے والا اس بات کو پسند کرتا تھا کہ اس کے خاندان اور قبیلے کے ناموں میں کوئی علامت برقرار رہے جو دوسرے قبیلے سے انہیں ممتاز کرتی ہو۔

یہ سلسلہ زمانۂ جاہلیت سے چلا آرہا تھا لیکن سرکارِ دوعالم ﷺ نے اس سلسلہ پر کوئی پابندی عائد نہیں کی، چنانچہ دورِ رسولؐ سے آج تک یہ سلسلہ بدستور جاری ہے اور لوگ اپنی پہچان برقرار رکھنے کے لئے خود کو حسینی، علوی، صدیقی، فاروقی، عثمانی، انصاری، قریشی، فاطمی لکھتے ہیں۔ ایسا لکھنا غلط نہیں ہے۔

البتہ اپنی ذات چھپانے کے لئے خود کو کسی سلسلے سے خواہ مخواہ منسوب کرنا غلط ہے، مثلاً اگر کوئی عثمانی نہیں ہے لیکن اپنی ذات چھپانے کے لئے خود کو عثمانی لکھتا ہے یا کوئی سید نہیں ہے لیکن بڑائی حاصل کرنے کے لئے اور لوگوں کو مغالطہ دینے کے لئے خود کو سید لکھتا ہے تو یہ طریقہ غلط بھی ہے اور آخرت میں قابلِ مواخذہ بھی، کیوں کہ احادیث صحیحہ کے مطابق اپنی نسل چھپانے والا مردود ہے، جب دینِ اسلام نے اس بات کی وضاحت کردی ہے کہ کسی بھی نسل کو کسی بھی نسل پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے اور اللہ کا قرب تقویٰ سے حاصل ہوتا ہے اور دنیا میں خاندان اور قبیلے اس لئے بنائے گئے ہیں تاکہ ایک دوسرے کی شناخت رہے تو پھر جھوٹی نسبت ثابت کرنے سے کیا حاصل؟

# چار عدد کے لوگوں کی خصوصیات

جن حضرات کے نام کا مفرد عدد ۴/ ہوتا ہے وہ حضرات بہت کریم النفس ایثار پرور اور غیرت مند ہوتے ہیں، یہ لوگ دوسروں کے درد کو محسوس کرتے ہیں اور دوسروں کا غم بانٹنے کی کوشش کرتے ہیں، یہ لوگ دوسروں سے مختلف شخصیت کے مالک ہوتے ہیں اور ان کا عمومی مزاج یہ ہوتا ہے کہ یہ ہر بات کو مخالفانہ نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں، ان لوگوں میں بحث ومباحثہ کی بھی عادت ہوتی ہے اور اس عادت کی وجہ سے یہ کئی اچھے دوستوں کو کھودیتے ہیں، ان لوگوں میں مروجہ قانون سے بھڑ جانے کی بھی عادت ہوتی ہے، ان کے ساتھ اگر ذرا بھی سختی برتی جائے تو فوراً بغاوت پر آمدہ ہوجاتے ہیں، یہ لوگ ذرہ برابر بھی مصلحت کے قائل نہیں ہوتے، یہ لوگ ضد کے بہت پکے ہوتے ہیں اور ہر ہر معاملے میں اپنی بالکل ہی الگ تھلگ قسم کی سوچ رکھتے ہیں، ۴/ افراد کے لوگ ضدی مزاج ہونے کی وجہ سے اور اپنی الگ تھلگ سوچ وفکر کی وجہ سے بہت زیادہ خوش حال نہیں ہوتے، بلکہ اکثر بدحالی کا شکار رہتے ہیں کیونکہ مصلحت پسند نہیں ہوتے، اس لئے اکثر لوگوں کی دشمنی خرید لیتے ہیں اور چونکہ ان میں مروجہ قانون سے ٹکرانے کی عادت ہوتی ہے، اس لئے اکثر یہ لوگ طرح طرح کی ابتلاؤں کا شکار نظر آتے ہیں، ۴/ افراد کے لوگوں میں دولت جمع کرنے کی نہ صلاحیت ہوتی ہے، نہ خواہش، اگر ان کو کوئی دولت حاصل ہوجائے تو اس کو بے دریغ خرچ کردیتے ہیں۔

بے غرضی اور ایثار ایسے لوگوں کا خاص وصف ہوتا ہے، یہ بات الگ ہے کہ بے غرضی اور ایثار وقربانی کے باوجود یہ دنیاوی معاملات میں زیادہ خوش قسمت ثابت نہیں ہوتے اس کی وجہ ان کی اپنی طبیعت کی ضد اور مزاج کا اکھڑ پن ہوتا ہے۔

ہر قسم کے سماجی اور اصلاحی کاموں میں ان لوگوں کو خاص طور پر رغبت ہوتی ہے،

یہ لوگ دوست بہت کم بناتے ہیں لیکن یہ جس سے بھی دوستی کرلیتے ہیں اس سے دوستی آخری حد تک نبھاتے ہیں۔

۴/عدد والے حضرات کے لئے ہر انگریزی ماہ کی ۴/۱۳/۲۲/اور ۳۱/تاریخیں اہم ہوا کرتی ہیں، ہفتہ، اتوار اور پیر کا دن ان کے لئے مبارک ثابت ہوتا ہے۔

ان حضرات کی دوستی ان افراد سے خوب جمتی ہے جن کے نام کا مفرد عدد ۱، ۲/، ۷/ یا ۸ ہو، البتہ ۵/عدد والے حضرات سے ان کا نباہ نہیں ہوتا، اس لئے کہ ۵/کا عدد ان کا دشمن عدد ہوتا ہے۔

۴/عدد والے حضرات کو نیلم، نیلی یا نیلے رنگ کا کوئی بھی نگینہ راس آسکتا ہے، ۴/گرام چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر پہننا چاہئے، ۴/عدد والے حضرات کو ٹھنڈی غذائیں راس آتی ہیں، ان کو گرم غذاؤں سے اور تیز مسالوں سے بچنا چاہئے کیونکہ یہ چیزیں ان کی تندرستی کو نقصان پہنچاسکتی ہیں۔

۴/عدد کے افراد کو چاہئے کہ وہ جنوری، فروری، جولائی اور اگست کے مہینوں میں خاص طور پر اپنی صحت کا خیال رکھیں، ۴/عدد کے لوگ اپنی عمر کے کسی بھی حصے میں ایسے امراض کا شکار ہوسکتے ہیں کہ جن کی تشخیص کرنا مشکل ہوتا ہے، انہیں کوئی دماغی مرض بھی لاحق ہوسکتا ہے، یہ لوگ مالیخولیا، قلّتِ خون، دردِ سر، دردِ کمر اور درد گردہ کا کسی بھی وقت شکار ہوسکتے ہیں۔

۴/عدد کا تعلق ستارہ شمس سے ہوتا ہے، اس لئے اتوار کا دن ان کے لئے بطور خاص مبارک ہوتا ہے۔

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۴/بنتا ہو ان کا نام ایسا رکھنا چاہئے جس کا مفرد ۴/ رہو، کیونکہ یہی نام ان بچوں کو سب سے زیادہ راس آئے گا اور انہیں زندگی کی کشاکش سے انشاء اللہ محفوظ رکھے گا۔

# چار عدد والے نام

جن بچوں کی تاریخ کا مفرد عدد چار بنتا ہو ان کے نام مندرجہ ناموں میں سے منتخب کریں، اگر ان میں سے کوئی نام پسند نہ ہو تو کوئی ایسا نام رکھیں جس کا مفرد عدد ۴ر بنتا ہو، ان بچوں کو ۱، ٦، ۸ر عدد والے نام بھی راس آئیں گے، البتہ ۳ر اور ۵ر عدد والے نام ان کے لئے غیر مبارک ثابت ہوں گے۔ (ح۔ہ)

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| الطاف | مہربان | ۱۲۱ |
| افتخار | فخر | ۱۲۸۲ |
| انیس | ہمدم | ۱۲۱ |
| اصغر | چھوٹا | ۱۲۹۱ |
| اقتدار | اختیار | ۷۰٦ |
| ارمان | آرزو | ۲۹۲ |
| اطیب | خوشبو | ۲۲ |
| انثال | بلند بالا | ۳۸۲ |
| آزاد | خودمختار | ۱۳ |
| اختر | ستارہ | ۱۲۰۱ |
| انتظار | راہ دیکھنا | ۱۵۵۲ |
| انجم | ستارے | ۹۴ |
| انتصاب | نصیب ہونا | ۵۴۴ |
| انصرام | انتظام کرنا | ۳۸۲ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ابراؤ | ظاہر ہونا | ۲۱۱ |
| افخام | عزت کرنا | ۱۳۰ |
| افرائیم | پھل دار درخت | ۳۴۷ |
| بہرور | مبارک | ۲۲۰ |
| بسام | بہت ہنسنے والا | ۱۰۳ |
| بیدار بخت | خوش نصیب | ۱۲۱۹ |
| بصر | بینائی | ۲۹۲ |
| باذل | عطا کرنے والا | ۷۳۳ |
| بدرالدین | دین کا چاند | ۳۰۱ |
| تمیم | مضبوط | ۴۹۰ |
| تواب | توبہ کرنے والا | ۴۰۹ |
| تاثیر | اثر دینا | ۱۱۱۱ |
| تابان | چمک دار | ۴۵۴ |
| تبیان | ظاہر کرنا | ۴۶۳ |
| تقسیم | خالص کرنا | ۵۸۰ |
| تکریم | عزت کرنا | ۶۷۰ |
| تفہیم | سمجھنا | ۵۳۵ |
| ثمال | کارگزار | ۵۷۱ |
| جاذب | پرکشش، جمع کرنے والا | |
| جبران | معاوضہ | ۲۵۶ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| جنید | چاند | ۶۷ |
| جلیس | ہم نشین | ۱۰۳ |
| چاشین | میٹھا کنواں | ۳۶۴ |
| چاند | چاند | ۵۸ |
| حالی | مشہور شاعر کا نام | ۴۹ |
| حبیب | محبوب | ۲۲ |
| حطیم | خانۂ کعبہ کی دیوار | ۶۷ |
| حنیف | دین دار | ۱۴۸ |
| حسان | پوچھنا | ۱۲۱ |
| حمود | جس کی تعریف کی گئی ہو | ۵۸ |
| خورشید | سورج | ۱۱۲۰ |
| خلیل | دوست | ۶۷۰ |
| خرام | نرم چال | ۸۴۱ |
| خمار | نشہ | ۸۴۱ |
| خوش دل | شادمان | ۹۴۰ |
| داور | حاکم | ۲۱۱ |
| دانش | دانائی | ۳۵۵ |
| دل آویز | پسندیدہ | ۵۸ |
| دل افروز | دل کو روشن کرنے والا | ۳۲۸ |
| دم ساز | دوست | ۱۱۲ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ذوالمعن | مہربانیوں والا | ۸۷۷ |
| ذوالقرنین | سکندر کا لقب | ۱۱۴۷ |
| ذکریا | بہت یاد کرنے والا | ۹۳۱ |
| رامین | اطاعت گزار | ۳۰۱ |
| رضوان | دربانِ جنت | ۱۰۵۷ |
| روحان | ٹھنڈی ہوا | ۲۶۵ |
| روید | آہستہ چلنا | ۲۲۰ |
| راجع | رجوع کرنے والا | ۲۷۴ |
| رُخام | سنگ مرمر | ۸۴۱ |
| زیاد | کثرت، تعمیر | ۲۲ |
| سمیر | افسانہ گو | ۳۱۰ |
| سبحان | پاک | ۱۲۱ |
| ستار | عیبوں کو چھپانے والا | ٦٦۱ |
| سخی | فیاض | ٦۷۰ |
| سالار | سردار | ۲۹۲ |
| سعادت | نیکی | ۵۳۵ |
| سلیل | ننگی تلوار | ۱۳۰ |
| شاول | اٹھانا | ۳۳۷ |
| شارع | دینی تعلیم دینے والا | ۵۷۱ |
| شعیب | مشک کہنہ | ۳۸۲ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| شمس | آفتاب | ۴۰۰ |
| شفیق | مہربان | ۴۹۰ |
| شاہد | محبوب | ۳۱۰ |
| شہیم | تیز رفتار | ۳۵۵ |
| شاعر | شعر کہنے والا | ۵۷۱ |
| شہید | راہِ خدا میں جان دینے والا | ۳۱۹ |
| شاذب | وطن سے دور | ۱۰۰۳ |
| شکور | قدر دان | ۵۲۶ |
| شمشیر | تلوار | ۸۵۰ |
| شیر افگن | بہادر | ۶۶۱ |
| شعار | طریقہ | ۵۷۱ |
| شعیر | جو | ۵۸۰ |
| صادف | میل ملاپ کرنے والا | ۱۷۵ |
| صغیر | چھوٹا | ۱۳۰۰ |
| صولت | دبدبہ | ۵۲۶ |
| صنیع | احسان | ۲۲۰ |
| صائب | خطا سے پاک | ۹۴ |
| ضرار | صحابی کا نام | ۱۲۰۱ |
| ضوفشاں | روشنی بکھیرنے والا | ۱۲۳۷ |
| طائر | اڑنے والا | ۲۱۱ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| طابق | پسندیدہ | ۱۱۲ |
| طیاب | بہت پاک | ۲۲ |
| طہور | پاک صاف | ۲۲۰ |
| طرب | خوشی | ۲۱۱ |
| ظہور | ظاہر ہونا | ۱۱۱۱ |
| عاقد | عہد کرنے والا | ۱۷۵ |
| عتیق | آزاد | ۵۸۰ |
| عدنان | صحابی رسولؐ | ۱۷۵ |
| عزیز | پیارا | ۹۴ |
| عمر | خلیفہ رسولؐ | ۳۱۰ |
| عاشر | مل جل کر چلنے والا | ۵۷۱ |
| علوان | بلندی | ۱۵۷ |
| عدوہ | کنارہ | ۸۵ |
| عشیر | دسواں حصہ | ۵۸۰ |
| عمیق | گہرا کنواں | ۲۲۰ |
| عبدالواحد | یکتا (اللہ کا بندہ) | ۱۲۱ |
| عبدالوہاب | عطا کرنیوالے (اللہ کا بندہ | ۱۲۱ |
| عبدالسلام | حفاظت کرنیوالے (اللہ) کا بندہ | ۲۳۸ |
| عبدالبصیر | بصارت والے (اللہ) کا بندہ | ۴۰۹ |
| عبدالمتین | مضبوط (اللہ) کا بندہ | ۶۰۷ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| عبدالوارث | مالک (اللہ) کا بندہ | ۸۱۴ |
| عبدالباقی | ہمیشہ رہنے والا (اللہ) کا بندہ | ۲۲۰ |
| عریش | سائبان | ۵۸۰ |
| عشیب | گھاس والی جگہ | ۳۸۲ |
| غابط | رشک کرنے والا | ۱۰۱۲ |
| فاطم | دوزخ کی آگ سے بچانیوالا | ۱۳۰ |
| فاکر | سوچنے والا | ۳۰۱ |
| فواز | کامیابی حاصل کرنے والا | ۹۴ |
| فدا | جان دینے والا | ۸۵ |
| فہمید | ہوشیار | ۱۳۹ |
| فوزی | کامیاب | ۱۰۳ |
| فگار | زخمی | ۳۰۱ |
| فیض الحسن | اچھا فیض | ۱۰۳۹ |
| قمرین | چاند سورج | ۴۰۰ |
| قیصر | روم کے بادشاہ کا لقب | ۴۰۰ |
| کوشک | محل | ۳۴۶ |
| کرامت | نوازش | ٦٦١ |
| کلیم اللہ | اللہ سے کلام کرنے والا | ١٦٦ |
| کاظمین | غصے کو پی جانے والے | ۱۰۲۱ |
| لازب | چمٹنے والا | ۴۰ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| لہیم | سبقت لے جانے والا | ۸۵ |
| مشتاق | آرزومند | ۸۴۱ |
| مراتب | مرتبہ کی جمع | ۶۴۳ |
| مرشد | راہ دکھانے والا | ۵۴۴ |
| مناقب | منقبت کی جمع | ۱۹۳ |
| مباسط | دوست | ۱۱۲ |
| محبوب | معشوق | ۵۸ |
| مشہود | موجود | ۳۵۵ |
| مصطفیٰ | چنا ہوا | ۲۲۹ |
| منشا | مقصد | ۳۹۱ |
| مطرز | زینت دیا گیا | ۲۵۶ |
| مکارم | عطا | ۳۰۱ |
| منال | پانے کی جگہ | ۱۲۱ |
| مثیل | مانند | ۵۸۰ |
| محترم | عزت کیا گیا | ۶۸۸ |
| محیط | گھیرنے والا | ۶۷ |
| مخاطب | خطاب کرنے والا | ۶۵۲ |
| مخلص | اخلاص والا | ۷۶۰ |
| مخمور | متوالا | ۸۸۶ |
| مخیر | خیرات کرنے والا | ۸۵۰ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| مدرار | برسنے والا | ۴۴۵ |
| مرحمت | مہربانی | ۶۸۸ |
| مرسوم | نشان کیا گیا | ۳۴۶ |
| مستفیض | فیض طلب کرنے والا | ۱۳۹۰ |
| مشاکل | ہم شکل | ۳۹۱ |
| مشین | شاندار | ۴۰۰ |
| مصفا | پاک صاف | ۲۱۱ |
| معارف | معرفت کی جمع | ۳۹۱ |
| مکنون | پوشیدہ | ۱۶۶ |
| ممدود | دراز کیا گیا | ۹۴ |
| مسیب | بااختیار | ۱۱۲ |
| نعمان | پھولوں کی جگہ | ۲۱۱ |
| ناسق | انتظام کرنے والا | ۲۱۱ |
| نہیب | دبدبہ | ۶۷ |
| نوازش | مہربانی | ۳۶۴ |
| نور | روشنی | ۲۵۶ |
| نثار | بھینٹ | ۷۵۱ |
| نشید | گیت | ۳۶۴ |
| ناجد | مددگار | ۵۸ |
| نجمی | ستاروں کو سمجھنے والا | ۱۰۳ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| وارد | قاصد | ۲۱۱ |
| ورفان | سفارش کرنے والا | ۳۳۷ |
| واثق | پختہ | ۶۰۷ |
| وسیط | میانہ | ۸۵ |
| ہمایوں | مبارک | ۱۱۲ |
| ہاشم | رسول اللہؐ کے پڑدادا کا نام | ۳۴۶ |
| ہشام | ایک خلیفہ کا نام | ۳۴۶ |
| ہمدوش | ساتھی | ۳۵۵ |
| یاقوت | ایک قیمتی پتھر | ۵۱۷ |
| یعسوب | قوم کا سردار | ۱۴۸ |
| مخلص کریم | مخلص بزرگ | ۱۰۳۰ |
| بیدار بخت | خوش نصیب | ۱۲۱۹ |
| کلیم اللہ | خطاب حضرت موسیٰؑ | ۱۶۶ |
| عمر امتیاز | اچھی زندگی | ۷۶۹ |
| معروف دانش | مشہور عقل مند | ۷۵۱ |
| دل افروز | دل کو روشن کرنے والا | ۳۲۸ |
| دل آویز | دل کو آراستہ کرنے والا | ۵۸ |
| ذوالقرنین | لقب سکندر | ۱۱۴۷ |
| خلیل سعید | نیک بخت دوست | ۲۷۴ |
| روشن ضمیر | جس کا باطن روشن ہو | ۱۶۰۶ |

# پانچ عدد کے لوگوں کی خصوصیات

پانچ عدد کے افراد ملنسار، پرکشش، زندہ دل اور خوش گفتار ہوتے ہیں، یہ لوگ حد سے زیادہ ذہین اور حاضر جواب ہوتے ہیں، پانچ نمبر کے لوگوں میں تقریر کی صلاحیت بھی ہوتی ہے، وہ اپنے اندازِ بیان اور حسن گفتگو سے لوگوں کے دل و دماغ پر چھا جاتے ہیں، دوسروں کو قائل کر لینا اور اپنا ہمنوا بنالینا ان کے لئے مشکل نہیں ہوتا، اپنی اس صفت کی بنا پر وہ ہر طرح کے لوگوں میں رہ سکتے ہیں اور ہر قسم کے ماحول میں دوسروں پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، ۵ عدد کے لوگ زندگی کے مصائب و حوادث سے نہیں گھبراتے، وہ مشکلات کا مقابلہ جم کر کرتے ہیں اور طوفانوں کا رخ اپنی خداداد صلاحیتوں سے موڑ دیتے ہیں، ۵ عدد کے افراد کو دولت جمع کرنے کا شوق ہوتا ہے اور ان میں دولت کمانے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے، ۵ عدد کے لوگوں کی خوبی یہ ہوتی ہے کہ یہ لوگ محنت سے زیادہ دماغ سے کماتے ہیں، یہ لوگ زیادہ تر کاروباری ہوتے ہیں، محنت اور مزدوری سے یہ جان تو نہیں چراتے لیکن محنت اور مزدوری کو یہ لوگ پسند نہیں کرتے، دولت کمانے کے لئے یہ لوگ اپنے دماغ کو استعمال کرتے ہیں اور اکثر کامیاب ہو جاتے ہیں، ان لوگوں کی دماغی صلاحیتیں نہایت اعلیٰ ہوتی ہیں، انہیں اپنے دل و دماغ کی صلاحیتوں پر بھروسہ بھی ہوتا ہے، ان کے اندر جلد فیصلہ لے لینے کی بھی اہلیت ہوتی ہے، یہ کسی بھی معاملے میں ٹال مٹول کرنے کے بجائے فوراً ہی کوئی اقدام کر دیتے ہیں، یہ لوگ زبردست موقعہ شناس بھی ہوتے ہیں، اپنی موقعہ شناسی کی صفت کی وجہ سے یہ لوگ لاکھوں کماتے ہیں، ۵ عدد کے لوگوں کی ایک خصوصیت یہ بھی ہوتی ہے کہ یہ لوگ انتہا پسند ہوتے ہیں، اگر یہ نیکی کی طرف چل پڑیں تو نیکی میں بھی بے مثال ہو جاتے ہیں اور اگر یہ بدی کا راستہ اختیار کر لیں تو بدی

میں بھی سب سے آگے نکل جاتے ہیں، یہ بہت ضدی اور ہٹ دھرم بھی ہوتے ہیں، انہیں جلدی سے مسخر نہیں کیا جاسکتا، یہ لوگ لکیر کے فقیر بھی نہیں ہوتے یہ نئی نئی راہیں تلاش کرتے رہتے ہیں اور یہ لوگ کسی بھی وقت کوئی بھی راستہ تبدیل کر سکتے ہیں، ۵عدد کے لوگ پیدائشی طور پر منصوبہ ساز ہوتے ہیں، منصوبہ بندی، میں ان کی کوئی نظیر نہیں ہوتی، ۵/عدد کے لوگ اپنا وقت ضائع نہیں کرتے، یہ کسی نہ کسی ادھیڑ بُن میں لگے رہتے ہیں اور ان کی لگن ہی انہیں ہمیشہ سرخ رو رکھتی ہے، ۵/عدد کے لوگوں کی ایک برائی یہ ہوتی ہے کہ یہ لوگ زیادہ تر صرف اپنے ذاتی مفادات کے لئے دوڑ دھوپ کرتے ہیں، یہ لوگ دوسروں کے لئے زیادہ وقت نہیں دے پاتے، ان کی بھاگ دوڑ کا اصل مقصد اپنے مقاصد کو پورا کرنا ہوتا ہے، دوستی کرنا اور اسے نبھانا ان کا خاص وصف ہے، لیکن دوستوں کے لئے سب کچھ قربان کردینے کے یہ قائل نہیں ہوتے، یہ دوستی اور محبت کے معاملات میں اعتدال سے کبھی آگے نہیں بڑھتے، جن حضرات کا مفرد عدد ۵ ہوتا ہے ان کے لئے بدھ اور جمعہ کے دن اہم ہوتے ہیں، سفید رنگ ان کو راس آتا ہے، ہلکے شیڈ والے لباس بھی ان کے لئے خوش بختی لاتے ہیں، ۵عدد والے لوگوں کو الماس اور تمام چمک دار جواہرات باذن اللہ راس آسکتے ہیں، ان لوگوں کو جون، ستمبر اور دسمبر کے مہینوں میں خاص طور سے اپنی صحت کا خیال رکھنا چاہئے، یہ افراد اعصابی تناؤ کا شکار ہوسکتے ہیں اور ورم اور سوجن جیسے امراض انہیں کبھی بھی لاحق ہوسکتے ہیں، گاجر، ٹماٹر، مولی اور تمام خشک میوے ان کے لئے مفید تر ثابت ہوتے ہیں۔

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۵ بنتا ہو ان بچوں کا نام وہ رکھنا چاہئے جس کا مفرد عدد ۵ ہو، یہ نام ان بچوں کو سب سے زیادہ راس آئے گا اور زندگی کی کشا کش سے حتی الامکان محفوظ رکھے گا۔

# پانچ عدد والے نام

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد پانچ ہو ان کے نام مندرجہ ذیل ناموں میں سے منتخب کریں، اگر ان میں سے کوئی نام پسند نہ ہو تو کوئی ایسا نام تجویز کریں جس کا مفرد عدد ۵ بنتا ہو، ان بچوں کو ۳، ۶، ۷، ۹ عدد کے نام بھی راس آجائیں گے، البتہ ۲/ اور ۴/ عدد کے نام ان کے لئے غیر مبارک ثابت ہوں گے۔

(ح۔ ہ)

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| اکنان | پردہ | ۱۲۲ |
| ایلاف | باہمی محبت | ۱۲۲ |
| اشہاد | گواہی | ۳۱۱ |
| اسلم | مکمل | ۱۳۱ |
| انور | نور بکھیرنے والا | ۲۵۷ |
| اسمٰعیل | ایک پیغمبر کا نام | ۲۱۲ |
| ادریس | ایک پیغمبر کا نام | ۲۷۵ |
| اشفاق | مہربان | ۴۸۲ |
| امداد | مدد کرنا | ۵۰ |
| انسب | مناسب ترین | ۱۱۳ |
| اعزاز | رتبہ | ۸۶ |
| آرِب | مضبوط | ۲۰۳ |
| اذین | سنوارنا | ۷۶۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ازین | سنوارنا | ۱۲۹۲ |
| ارمغان | تحفہ | ۷۷ |
| اُویس | ایک ولی کا نام | ۸۶ |
| بدیع | نادر | ۱۱۳ |
| باقی | موجود | ۲۱۲ |
| بہادر | بے خوف | ۲۴۸ |
| بہرام | شاہ عراق کا لقب | ۲۹۳ |
| باصر | دیکھنے والا | ۵۹ |
| بزمی | بزم سے تعلق رکھنے والا | ۹۳۲ |
| بلخش | ایک قیمتی پتھر | ۴۷۳ |
| تجمل | شان وشوکت | ۱۴۰۰ |
| تنظیم | انتظام | ۷۱۶ |
| توقیر | عزت | ۵۵۴ |
| تقدیم | پیش قدمی | ۵۰۰ |
| تکلیم | بات کرنا | ۹۵۰ |
| تمریش | بوندا باندی | ۴۲۸ |
| توحید | اللہ کو ایک ماننا | ۱۰۳۱ |
| ثالث | فیصلہ کرنے والا | ۶۱۷ |
| ثناءاللہ | اللہ کی تعریف کرنا | ۱۴ |
| جواد | سخی | ۱۱۳ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| جسیم | فربہ | ۴۱۹ |
| حیات | زندگی | ۵۹ |
| حامی | طرف دار | ۵۶۳ |
| حدثان | آغاز | ۱۴۹ |
| حصان | موتی | ۱۴ |
| حصین | مضبوط | ۹۱۴ |
| خرسند | خوش | ۶۳۵ |
| خالد | جاوداں | ۷۶۱ |
| خنسان | مبارک | ۸۶۹ |
| خلیق الزماں | زمانہ بھر کے خلیق | ۲۳ |
| دبیز | موٹا | ۲۳۹ |
| دلدار | محبوب | ۸۰۶ |
| ذوق | شوق | ۲۳۹ |
| رحال | سفر میں رہنے والا | ۲۴۸ |
| رحیل | کوچ کرنے والا | ۲۱۲ |
| رابط | رابطہ کرنے والا | ۲۵۷ |
| رنیز | دانش مند | ۲۴۸ |
| رماز | رازدار | ۶۷۱ |
| ریاست | سلطنت | ۲۱۲ |
| رطاب | تروتازہ | ۳۵۶ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| رونق | چمک | ۶۸ |
| زیان | خوبصورتی | ۱۴ |
| زجاج | شیشہ | ۲۱۲ |
| زرباب | سونے کا پانی | ۱۹۴ |
| سعدین | دوسعید ستارے | ۱۸۵ |
| سعدان | مبارک | ۱۴۰ |
| سلیم | بردبار | ۱۳۱ |
| سلام | سلامتی | ۶۸ |
| سجاد | بہت سجدے کرنے والا | ۱۴۰ |
| سعود | مبارک | ۱۶۱ |
| سرشار | لبریز | ۱۱۳ |
| سیماب | پارہ | ۳۲۰ |
| شاطی | دریا کا کنارہ | ۳۵۶ |
| شاداں | خوش | ۳۷۴ |
| شجاع | بہادر | ۵۸۱ |
| شارف | صاحب عزت | ۵۹۰ |
| شریف | پارسا | ۷۱۶ |
| شہریار | ہمدرد | ۸۰۶ |
| شورش | ہنگامہ | ۵۱۸ |
| شیراز | ایران کا شہر | ۲۹۳ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| صابر | صبر کرنے والا | ۳۷۴ |
| صفدر | بہادر | ۳۵۶ |
| صنوبر | سردار | ۱۸۵۰ |
| ضیغم | شیر | ۱۴ |
| طٰہٰ | لقب رسولؐ | ۴۴۶ |
| طالوت | بنی اسرائیل کے ایک سردار کا نام | ۵۰۹ |
| طلعت | دیدار | ۱۴۹ |
| طلیق | آزاد | ۲۳ |
| طبیب | حکیم | ۱۳۱۹ |
| ظفرالحق | حق کی کامیابی | ۳۱۱ |
| عارم | شوخ وچنچل | ۴۴۶ |
| عصفور | ایک پرندہ | ۳۱۱ |
| عامر | آباد کرنے والا | ۷۷ |
| عباد | عبد کی جمع | ۴۰۱ |
| عرفان | معرفت الٰہی | ۳۴۰ |
| عمیر | کم عمر والا، کم سن | ۷۷ |
| عابد | عبادت کرنے والا | ۸۶ |
| عبید | عبد کی تصغیر | ۱۱۳ |
| عجیل | جلدی کرنے والا | ۳۱۱ |
| عمار | صحابی رسولؐ کا نام | ۴۱۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| عنصر | بنیاد | ٢٣٠ |
| عتیق | گردن | ٣٢٠ |
| عبدالعلیم | بہت جاننے والے (اللہ) کا بندہ | ٣٦٥ |
| عبدالباری | بے عیب (اللہ) کا بندہ | ٢٥٧ |
| عبدالرحیم | رحم کرنیوالے (اللہ) کا بندہ | ٤١٩ |
| عبدالرقیب | نگاہ رکھنے والے (اللہ) کا بندہ | ٦٨٠ |
| عبدالباعث | دوبارہ پیدا کرنیوالے (اللہ) کا بندہ | ٨٥١ |
| عبدالمقتدر | زبردست (اللہ) کا بندہ | ١١٢١ |
| غلمان | غلام جنت | ٩٤١ |
| فیضان | فائدہ عام | ٤٠١ |
| فراسین | شہد کی جمع | ٨٩٦ |
| فیوض | فیض کی جمع | ٢٩٣ |
| فروز | روشنی | ٩٥ |
| فدائی | فدا ہونے والا | ٣٣٨ |
| فرزان | دانش مند | ٣٤٧ |
| فرزین | عقل مند | ٦٨٩ |
| فطرت | سرشت | ٤٠١ |
| کشاف | کھولنے والا | ١٤٠ |
| کفیل | ذمہ دار | ٥٢٧ |
| کوشار | کھولنے والا | ١٣١ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| لامس | چھونے والا | ۲۲۱ |
| لقمان | مشہور حکیم کا نام | ۲۵۶ |
| معتمد | قابل اعتماد | ۲۳۰ |
| مفقود | گم شدہ | ۵۰۰ |
| متین | مضبوط | ۱۵۸ |
| محسن | احسان کرنے والا | ۴۵۵ |
| مجتبیٰ | چنا ہوا | ۷۸۸ |
| محتشم | صاحب حشمت | ۲۴۸ |
| مرزا | سردار | ۱۲۲۰ |
| مظفر | کامیاب | ۹۵۰ |
| مفضل | فضیلت دیا گیا | ۵۹ |
| مہدیٰ | رہنما | ۷۴۳ |
| متقارب | بہت قریب | ۵۳۶ |
| متوسل | وسیلہ ڈھونڈنے والا | ۱۸۵ |
| مقدام | قدم بڑھانے والا | ۶۴۴ |
| مرتاج | عیش کرنے والا | ۵۴۵ |
| مراشد | سیدھا راستہ | ۱۳۱ |
| ناسک | عابد | ۱۰۴ |
| ندیم | ہم نشین | ۱۲۲ |
| نسیب | اعلیٰ خاندان والا | ۵۹ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| نواب | حاکم | ۸۶ |
| نہال | مالا مال | ۶۸ |
| نیاز | اظہار | ۳۰۲ |
| نورالٰہی | اللہ کا نور | ۲۳۰ |
| نقیع | ٹھنڈا پانی | ۶۲۶ |
| نعمت اللہ | اللہ کی نعمت | ۱۴ |
| واہب | بخشنے والا | ۷۰۷ |
| وارث | میراث پانے والا | ۲۵۷ |
| وریام | ایک بزرگ کا نام | ۱۴ |
| واجد | پانے والا | ۳۱۱ |
| واشد | شگفتہ | ۱۳۳۷ |
| ودودالغفور | معاف کرنے والا کا محبوب | ۵۰ |
| ولید | کم سن | ۸۶ |
| ہاجب | نگہبان | ۱۴ |
| ہمام | سرپنچ | |
| ہمساز | موافق | ۱۱۳ |
| ہمیم | ہلکی بارش | ۹۵ |
| یاسمون | چنبیلی کا پھول | ۱۶۷ |
| یاسین | یاسین | ۱۳۱ |

# چھ عدد کے لوگوں کی خصوصیات

٦ عدد کے لوگ بہت پرکشش ہوتے ہیں، ان کی شخصیت میں مقناطیس جیسی کشش ہوتی ہے جو لوگوں کو ان کی طرف کھینچتی ہے، ٦ عدد کے لوگ فی الفور لوگوں کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، یہ لوگ حسن اخلاق، حسن گفتگو، حسن صورت اور حسن سیرت جیسی دولتوں سے مالا مال ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ اپنے ہم عصروں میں مشہور بھی ہوتے ہیں اور مقبول بھی، یہ لوگ حد سے زیادہ ذہین بھی ہوتے ہیں اور حد سے زیادہ فہیم بھی، یہ لوگ بہت زیادہ صاحب علم وعمل نہیں ہوتے، لیکن یہ کم علم سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور بہت کم عمل کرکے بھی سب سے زیادہ نمایاں ہوجاتے ہیں، یہ لوگ بہت دیانت دار اور محنتی ہوتے ہیں اور اپنی دیانت اور محنت کی وجہ سے ہر جگہ اپنے قدم جما لیتے ہیں، ٦ عدد کے لوگ امن پسند ہوتے ہیں اور انصاف بھی ان کو ہر حال میں مطلوب ہوتا ہے، از خود جھگڑے میں الجھنے کی ان کی عادت نہیں ہوتی، اگر کسی سے جھگڑا ہو بھی جائے تو یہ لوگ خود ہی سلنڈر کر دیتے ہیں اور نقصان برداشت کرکے بھی جھگڑے کو نمٹا لیتے ہیں، یہ لوگ اپنی غلطی کو جلد محسوس کر لیتے ہیں اور جلد ہی تائب بھی ہوجاتے ہیں، ٦ عدد کے لوگ نہ کسی سے بدگمان ہوتے ہیں نہ اپنے بارے میں کسی کی بدگمانی کو برداشت کرتے ہیں، ٦ عدد کے لوگ فطرتاً محبت پرست ہوتے ہیں، محبت ان کی زندگی میں ہمیشہ اہم رول ادا کرتی ہے، نفرت اور عداوت جیسے عیوب سے انہیں وحشت ہوتی ہے، یہ خود دوسروں سے محبت کرتے ہیں اور محبت ہی کو پسند کرتے ہیں، لڑنا جھگڑنا ایک دوسرے سے عداوت رکھنا وغیرہ جیسے برے اوصاف سے ان کو کبیدگی ہوتی ہے، ان لوگوں میں اپنی اولاد سے محبت کرنے کا جذبہ بہت زیادہ ہوتا ہے، یہ اپنی اولاد کی خاطر اپنا سب کچھ بھی داؤ پر

لگا دیتے ہیں، ان لوگوں میں صفائی ستھرائی اور گھر اور دفتر کی آرائش کا جذبہ بہت زیادہ ہوتا ہے، یہ لباس کے معاملے میں بھی بہت حساس ہوتے ہیں اور ہمیشہ صاف ستھرے نظر آتے ہیں، گندگی اور بدبودار چیزوں سے انہیں وحشت ہوتی ہے، ملنے ملانے میں انہیں بہت مزا آتا ہے اور سیر و تفریح کے معاملے میں بھی یہ بہت شوقین ہوتے ہیں، فنون لطیفہ اور آرٹ جیسی چیزوں سے ان لوگوں کو بہت لگاؤ ہوتا ہے، دورانِ سفر ان کی توجہ کا مرکز زیادہ تر قدرتی مناظر ہوتے ہیں، اس کے بعد یہ اچھے لوگوں سے حظ اٹھاتے ہیں اور دوستی کر کے اپنے روحانی جذبوں کو تقویت پہنچاتے ہیں۔

٦ عدد کے لوگوں کے لئے پیر، جمعرات اور جمعہ کا دن اہم ہوتے ہیں، نیلا، گلابی اور پیازی رنگ ان کے لئے خوش بختی لاتا ہے، ٦ عدد والوں لوگوں کو پنا، اور فیروزہ، خاص طور سے راس آتا ہے، ٦ عدد کے لوگوں کو مئی، اکتوبر، اور نومبر میں خاص طور سے اپنی صحت کا خیال رکھنا چاہئے۔

ان لوگوں کو زندگی کے کسی بھی مرحلے میں ناک، کان اور گلے کے امراض لاحق ہو سکتے ہیں، گردوں اور پھیپھڑوں کے امراض بھی انہیں بالعموم ہو جاتے ہیں۔

لوبیا، پھلیاں، پالک، خربوزہ، تربوز، مغزیات، پودینہ، سیب، آڑو، انجیر اور مشک وغیرہ ان لوگوں کو خاص طور سے فائدہ پہنچاتے ہیں۔

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ٦ بنتا ہو ان بچوں کا نام ایسا رکھنا چاہئے کہ جس کا مفرد عدد ٦ ہو کیونکہ ٦ عدد کا نام ہی ان بچوں کو سب سے زیادہ راس آسکتا ہے اور بچے کو خواہ مخواہ کے نشیب و فراز سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔

# چھ عدد والے نام

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ٦ بنتا ہو ان کا نام مندرجہ ذیل ناموں میں سے منتخب کریں، اگر ان میں سے کوئی نام پسند نہ آئے تو کوئی ایسا نام منتخب کریں جس کا مفرد عدد ٦ بنتا ہو، ان بچوں کو ۳، ۴، ۹ عدد کے نام بھی راس آئیں گے، البتہ ایک اور ۸ عدد کے نام ان بچوں کے لئے غیر مبارک ثابت ہوں گے۔

(ح۔ ہ)

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| اطراب | خوشیاں منانا | ۲۱۴ |
| انتظام | بندوبست | ۱۳۹۲ |
| اقرب | بہت قریب | ۳۰۳ |
| الماس | ہیرا | ۱۳۲ |
| التمش | آگے رہنے والا | ۷۷۱ |
| اتفاق | اتحاد | ۵۸۲ |
| ازہر | روشن ترین | ۲۱۳ |
| آشب | گنجان درخت | ۳۰۳ |
| آویز | انسیت | ۲۴ |
| ابصار | آنکھیں | ۲۹۴ |
| اریب | عقل مند | ۲۱۳ |
| ارحم | بہت رحم کرنے والا | ۲۴۹ |
| ابوبکر | مشہور صحابیؓ | ۲۳۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| احمر | سرخ | ۲۴۹ |
| اروین | امتحان | ۲۶۷ |
| افشار | نچوڑنا | ۵۸۲ |
| انبساط | کھلنا | ۱۲۳ |
| امانت | سپرد کی ہوئی چیز | ۴۹۲ |
| باقر | بڑا عالم | ۳۰۳ |
| بیرق | علامت | ۳۱۲ |
| بارق | روشن | ۳۰۳ |
| برہان | دلیل | ۲۵۸ |
| برزم | ادا | ۲۴۹ |
| بسمل | زخمی | ۱۳۲ |
| تارض | مضبوطی سے جمے رہنا | ۱۴۰۱ |
| تجمیل | آراستہ کرنا | ۴۸۳ |
| تشہیر | مشہور کرنا | ۹۱۵ |
| تازش | حملہ | ۷۰۸ |
| تابناک | روشن | ۴۷۴ |
| تحسین | تعریف | ۵۲۸ |
| تقی | پرہیزگار | ۵۱۰ |
| تاجدار | تاج رکھنے والا | ۶۰۹ |
| تہامی | لقب رسولؐ | ۴۵۶ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ثامن | بہت قیمتی | ۵۹۱ |
| ثامن | آٹھواں | ۵۹۱ |
| ثقلین | دو جماعتیں | ۶۹۰ |
| ثمین | قیمتی | ۶۰۰ |
| ثواقب | ثاقب کی جمع | ۶۰۹ |
| جازم | کفایت کرنے والا | ۵۱ |
| جمشید | ایک بادشاہ کا نام | ۳۵۷ |
| جاوید | دائمی | ۲۴ |
| جہاں زیب | دنیا کو زینت دینے والا | ۷۸ |
| حیرم | بلند پایہ | ۲۵۸ |
| حمیر | سرخ رنگ والا | ۲۵۸ |
| حیدر | لقب حضرت علیؓ | ۲۲۲ |
| حاکم | سردار | ۶۹ |
| حسنات | بھلائیاں | ۵۱۹ |
| حکیم | دانا | ۷۸ |
| حمزہ | رسول اللہؐ کے چچا | ۶۰ |
| خاتم | ختم کرنے والا، انگوٹھی | ۱۰۴۱ |
| خاور | سورج | ۸۰۷ |
| خادم | خدمت کرنے والا | ۶۴۵ |
| ختن | ایک شہر کا نام | ۱۰۵۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| دانیال | ایک پیغمبر کا نام | ۹۶ |
| درمن | تسلی | ۲۹۴ |
| دل شاد | خوش دل | ۳۳۹ |
| دل دوز | دل پسند | ۵۱ |
| داؤد | محبوب | ۱۵ |
| دامان | دامن | ۹۶ |
| ذہیب | سونے کی طرح | ۷۱۷ |
| ذہاب | چھوڑ جانا | ۷۰۸ |
| ذوالنون | لقب حضرت یونسؑ | ۸۴۳ |
| راحیل | چلنے والا | ۲۴۹ |
| رازن | کسی کا ہو جانا | ۲۵۸ |
| رضیم | پختہ محل | ۱۰۵۰ |
| راحم | رحم کرنے والا | ۲۴۹ |
| راقب | انتظار کرنے والا | ۳۰۳ |
| راغب | رغبت کرنے والا | ۱۲۰۳ |
| راحت | آرام | ۶۰۹ |
| رحیم | رحم کرنے والا | ۲۵۸ |
| رزین | بھاری بھرکم | ۲۶۷ |
| رغیب | رغبت کرنے والا | ۱۲۱۲ |
| زہیر | کھلا ہوا، تاباں | ۲۲۲ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| سریس | حفاظت کرنے والا | ۳۳۰ |
| سعیدین | دوسعید ستارے | ۲۰۴ |
| سیف | تلوار | ۱۵۰ |
| سلطان | بادشاہ | ۱۵۰ |
| سہیل | ستارہ | ۱۰۵ |
| ساخر | تسخیر کرنے والا | ۸۶۱ |
| سداد | مضبوطی | ۶۹ |
| سدید | درست | ۷۸ |
| سردار | حاکم | ۴۶۵ |
| سمید | سفید | ۱۱۴ |
| سفی | بادل | ۱۵۰ |
| سلمان الرشید | سلامتی کیساتھ عبادت کرنیوالا | ۷۲۶ |
| سلمان الارشد | سلامتی کیساتھ ہدایت پانیوالا | ۷۱۷ |
| شوکت | دبدبہ | ۷۲۶ |
| شاہ زور | طاقت ور | ۵۱۹ |
| شفت | ہونٹ | ۷۸۰ |
| شمشاد | درازقد | ۶۴۵ |
| شملید | زردرنگ کا پھول | ۳۸۴ |
| شواکل | خصلتیں | ۳۵۷ |
| شیرازی | منسوب شیراز | ۵۲۸ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| صنوبر | ایک درخت کا نام | ۳۴۸ |
| صادق | سچا | ۱۹۵ |
| صوفی | صاف دل والا | ۱۸۶ |
| صدیق | دوست | ۲۰۴ |
| صباحت | خوبصورت | ۵۰۱ |
| صدر | حاکم | ۲۹۴ |
| ضامر | نازک مزاج | ۱۰۴۱ |
| ضمیر | دل | ۱۰۵۰ |
| طالب | طلب کرنے والا | ۴۲ |
| ظرافت | خوش طبعی | ۱۵۸۱ |
| ظل اللہ | خدا کا سایہ | ۹۹۶ |
| ظفرالدین | دین کی کامیابی | ۱۲۷۵ |
| عالم | جاننے والا | ۱۴۱ |
| عدیل | انصاف کرنے والے | ۱۱۴ |
| علیم | جاننے والے | ۱۵۰ |
| عارفین | اللہ کے دوست | ۴۱۱ |
| عمیل | محنتی | ۱۵۰ |
| عامل | عمل کرنے والا | ۱۴۱ |
| عتیل | خادم | ۵۱۰ |
| عرین | جنگل | ۳۳۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| عظمت | بڑائی | ۱۴۱۰ |
| عفیف | پارسا | ۲۴۰ |
| عیسیٰ | پیغمبر کا نام | ۱۵۰ |
| عزیز القدر | پیارا | ۴۲۹ |
| عبدالمعید | معید کا بندہ | ۲۳۱ |
| عبدالکبیر | کبیر کا بندہ | ۳۳۹ |
| عبدالغنی | غنی کا بندہ | ۱۱۶۷ |
| فراد | موتی فر | ۲۸۵ |
| فرازین | بلند مرتبہ | ۳۴۸ |
| فلاحت | بھلائی | ۵۱۹ |
| فہیم الرحمٰن | رحمان کو سمجھنے والا | ۴۶۵ |
| فضل الرشید | رشید کا فضل | ۱۴۵۵ |
| فیروز | کامیاب | ۳۰۳ |
| فرید | یکتا | ۲۹۴ |
| فقیہ | دانش مند | ۱۹۵ |
| قائل | تسلیم کرنے والا | ۱۳۲ |
| قلندر | تنہائی پسند | ۳۸۴ |
| قاصد | ایلچی | ۱۹۵ |
| کامران | کامیاب | ۳۱۲ |
| کوثر | نہر جنت | ۷۲۶ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| گلزار | پھلواری | ۲۵۸ |
| گل ریز | پھول چننے والا | ۲۶۷ |
| گوہر | موتی | ۲۳۱ |
| گل باز | پھولوں سے کھیلنے والا | ۶۰ |
| لئیق | قابل | ۱۴۱ |
| لماز | اشارہ کرنے والا | ۷۸ |
| لامع | چمکنے والا | ۱۴۱ |
| مختوم | مہر بند | ۱۰۸۶ |
| معظم | عظمت والا | ۱۰۵۰ |
| مودود | دوست | ۶۰ |
| مرغوب | محبوب | ۱۲۴۸ |
| مرسل | فرستادہ | ۳۳۰ |
| مصلح | صلح کرنے والا | ۱۶۸ |
| مصباح | چراغ | ۱۴۱ |
| ممنون | شکرگزار | ۱۸۶ |
| منان | احسان کرنے والا | ۱۴۱ |
| مجدد | تجدید کرنے والا | ۵۱ |
| مدثر | چادر اوڑھنے والا | ۷۴۴ |
| مستحسن | پسندیدہ | ۶۱۸ |
| منتظر | انتظار کرنے والا | ۱۵۹۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| مصاحب | ہم نشین | ۱۴۱ |
| مقصود | مطلوب | ۲۴۰ |
| محتسب | حساب کرنے والا | ۵۱۰ |
| مخدوم | خدمت کیا گیا | ۶۹۰ |
| مذکر | یاد کرنے والا | ۹۶۰ |
| مرجان | ایک پتھر کا نام | ۲۹۴ |
| مزاحت | خوش طبعی | ۴۵۶ |
| مطعم | کھانا کھلانے والا | ۱۵۹ |
| منادی | پکارنے والا | ۱۰۵ |
| منصوص | تحقیق کیا گیا | ۲۷۶ |
| موالی | مددگار | ۸۷ |
| محاصر | گھیرنے والا | ۳۳۹ |
| ملوک | خوبصورت | ۹۶ |
| مہروز | چاند جیسا | ۲۵۸ |
| نخیل | کھجور کا درخت | ۶۹۰ |
| ناخل | اچھی باتیں کرنے والا | ۶۸۱ |
| نذیر | ڈرانے والا | ۹۶۰ |
| نفاست | صفائی | ۵۹۱ |
| نوال | عطا | ۸۷ |
| نہاد | بنیاد | ۶۰ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| وداد | پیار، محبت | ۱۵ |
| وقیع | عزت دار | ۱۸۶ |
| واصف | تعریف کرنے والا | ۱۷۷ |
| ولایت | ملک | ۴۴۷ |
| وہاج | روشن | ۱۵ |
| یواز | حفاظت میں آنا | ۲۴ |
| غلام الرحمٰن | رحمٰن کا غلام | ۵۰۱ |
| رحمت افشار | رحمت نچوڑنے والا | ۱۲۳۰ |
| احسان اسعد | محفوظ نیک بخت | ۲۸۵ |
| صباحت تنویر | گورے پن کی چمک | ۱۱۶۷ |
| غلام باری | باری تعالیٰ کا غلام | ۱۲۸۴ |
| حسنات عارف | پہچاننے والی نیکیاں | ۸۷۰ |
| محبوب حسین | حسین کا محبوب | ۱۸۶ |
| محمد محترم | قابل احترام محمد | ۷۸۰ |
| عاکف برہان | باضابطہ معتکف | ۴۲۹ |
| غلام حیدر | حیدر کا غلام | ۳۰۹۴ |
| شمشاد رفیع | بلند و بالا | ۱۰۰۵ |
| ممنون حق | حق کا مشکور | ۲۹۴ |
| حمایت عفیف | طرف داری | ۶۹۹ |
| بشارت رفیق | دوست کی خوش خبری | ۱۲۹۴ |

# سات عدد کے لوگوں کی خصوصیات

سات عدد کامیابی اور فتوحات کا عدد خیال کیا جاتا ہے، جو لوگ اس عدد کے تحت ہوتے ہیں ان کی سوچ بہت اعلیٰ اور ان کے خیالات بہت پاکیزہ ہوتے ہیں، یہ لوگ خودمختاری کے جذبے سے سرشار ہوتے ہیں اور اعلیٰ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں، ۷ کا عدد روحانی قوتوں کا سرچشمہ تصور کیا جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ نظامِ قدرت ۷ عدد کا احاطہ کئے ہوئے ہے، سات زمین، سات آسمان، سات سیارے وغیرہ اس بات کی علامت ہیں کہ ۷/ کا عدد قدرتی طور پر اہم ہے، ۷ عدد کے لوگ فلسفیانہ خیالات کے مالک ہوتے ہیں، یہ لوگ صاحب بصیرت ہوتے ہیں، ان کا رجحان زیادہ تر مخفی علوم کی طرف ہوتا ہے، یہ لوگ اکثر سچے خواب دیکھتے ہیں، جو بہت حیرت انگیز ہوتے ہیں، اپنی سحر انگیز جاذبیت اور کشش کی وجہ سے دوسرے لوگ ان سے بہت جلد متاثر ہوجاتے ہیں، یہ لوگ امیر کبیر اور خوش حال گھرانوں میں شادی کرنا پسند کرتے ہیں، ان کی طبیعت میں عجیب طرح کی بے چینی اور بے قراری پائی جاتی ہے، یہ لوگ بالعموم سفر اور ماحول کی تبدیلی کو پسند کرتے ہیں اور اپنی طبیعت کی تسکین کے لئے دور دراز علاقے اور غیر ممالک کا سفر کرتے ہیں، ان لوگوں کو سمندر پار کا سفر کامیابی سے ہم کنار کردیتا ہے، یہ لوگ اگرچہ لکیر کے فقیر نہیں ہوتے لیکن قدامت پرستی پر انہیں ناز ہوتا ہے اور اپنے بزرگوں کے اطوار اور عادات کو یہ بہت اہمیت دیتے ہیں۔

۷/ عدد والے لوگوں کو خاص طور سے روحانیت سے شغف ہوتا ہے اور پوشیدہ علوم سے انہیں خاص طور پر دلچسپی ہوتی ہے، ۷/ عدد کے لوگوں کی طبیعت بہت نرم ہوتی ہے اور حالات سے یہ لوگ بہت جلد متاثر ہوجاتے ہیں، یہ لوگ کسی کی بھی پریشانی کو برداشت نہیں کرپاتے، لوگوں کے ساتھ ہمدردی کرنا ان کا خاص مشغلہ ہوتا ہے، بے

پناہ خصوصیات کے باوجود ان میں ایک کمزوری یہ ہوتی ہے کہ بہت جلد احساس کم تری کا شکار ہو جاتے ہیں، ان لوگوں میں بدگمانی اور شبہات کرنے کی بھی عادت ہوتی ہے اور یہ لوگ کسی قدر پیٹ کے بھی کچے ہوتے ہیں، ان سے اپنے راز بھی محفوظ نہیں رہ پاتے، تنہائی پسندی ان کی ذات کا خاص جزو ہے، الگ تھلگ رہنا بھی ان کا خاص مزاج ہوتا ہے، ہر وقت تجسس اور ٹوہ میں رہنا انہیں بہت سی کامیابیوں اور کامرانیوں سے روکتا ہے، جن لوگوں کا عدد سات ہوتا ہے ان کے لئے اتوار اور پیر بہت مبارک ہوتے ہیں، ہر انگریزی مہینے کی ۷، ۱۶/اور ۲۵ تاریخیں ان کے لئے مبارک ثابت ہوتی ہیں، سبز، سفید اور زرد رنگ ان کے لئے خوش بختی لانے والے رنگ ہوتے ہیں، جن حضرات کا عدد سات ہوتا ہے ان کو مونگا اور چندر کانت پتھر راس آتے ہیں۔

۷/عدد والوں کے تعلقات ۳، ۲/اور ۶ عدد والوں سے خوش گوار رہتے ہیں، البتہ ایک اور ۹/عدد والوں کے ساتھ اڑچنیں پیدا ہوتی ہیں، ۷ عدد والے حضرات کو جنوری، فروری، جولائی اور اگست میں خاص طور سے اپنی صحت کا خیال رکھنا چاہئے، سات عدد والے حضرات بالعموم پھوڑے پھنسیوں، پسینے کی زیادتیوں اور ہاضمے کی خرابیوں کا شکار ہو جاتے ہیں، ان حضرات کے لئے چنے کا ساگ، کرم کلہ، انگور، انار اور پھلوں کا جوس مفید ثابت ہوتا ہے، جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۷ بنتا ہو ان کا نام ایسا رکھنا چاہئے جس کا مفرد عدد ۷ ہو، یہ نام ایسے بچوں کے لئے مبارک ثابت ہوگا۔

# سات عدد والے نام

جن بچوں کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد سات بنتا ہو ان کے لئے نام مندرجہ ذیل ناموں میں سے کوئی نام منتخب کریں، اگر ان ناموں میں سے کوئی نام پسند نہ آئے تو کوئی ایسا نام رکھیں جس کا مفرد عدد ۷/ بنتا ہو، ان بچوں کو ۴، ۵ اور ۸/عدد والے نام بھی راس آئیں گے، البتہ ۱/اور ۹/عدد والے نام ان کے لئے غیر مبارک ثابت ہوں گے۔ (ح۔ ہ)

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ارحام | رحم دلی کرنے والا | ۲۵۰ |
| ازہار | رغبت کرنے والا | ۲۱۴ |
| ارتضاء | پسند کیا گیا | ۱۴۰۲ |
| ابراہیم | نام پیغمبر | ۲۵۹ |
| اکبر | بڑا | ۲۲۳ |
| اذہاب | سنہرا | ۷۰۹ |
| افگن | پچھاڑنے والا | ۱۵۱ |
| اوصاف | صفات | ۱۷۸ |
| آفتاب | سورج | ۴۸۴ |
| ارشق | نہایت قدر والا | ۶۰۱ |
| ابتہاج | خوش ہونا | ۴۱۲ |
| امر | حکم | ۲۴۱ |
| اروز | طاقت ور | |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| اورنگ | تختِ شاہی | ۲۷۷ |
| اشیر | بلند | ۵۱۱ |
| بابر | ایک بادشاہ کا نام | ۲۰۵ |
| بادشاہ | حکمران | ۳۱۳ |
| بختیار | خوش نصیب | ۱۲۱۳ |
| بسالت | دلیری | ۴۹۳ |
| بشر | آدمی | ۵۰۲ |
| بہادر | قیمتی | ۲۱۴ |
| پاشا | سردار | ۳۰۴ |
| تاجور | بادشاہ | ٦۱۰ |
| تعظیم | عزت کرنا | ۱۴۲۰ |
| تمجید | بزرگی | ۴۵۷ |
| تمکین | قوت برداشت | ۵۲۰ |
| تمیز | سلیقہ | ۴۵۷ |
| تذکیر | ذکر کرنا | ۱۳۳۰ |
| تشمیم | سونگھنا | ۷۹۰ |
| تعلیق | لٹکانا | ٦۱۰ |
| تقدیس | پاکیزگی | ۵۷۴ |
| تہلیل | لا الٰہ الا اللہ کہنا | ۴۷۵ |
| تطیب | خوشبو لگانا | ۴۲۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| جوہر | قیمتی پتھر | ۲۱۴ |
| جسارت | بہادری | ۶۶۴ |
| جگر | جسم کا ایک اہم حصہ | ۲۲۳ |
| حامل | اٹھانے والا | ۷۹ |
| حُسنین | حسن وحسین | ۱۷۸ |
| حلیم | بردبار | ۸۸ |
| حقانی | حق سے نسبت رکھنے والا | ۱۶۹ |
| حشیم | بہادر | ۳۵۸ |
| حَسنین | اچھے لوگ | ۱۷۸ |
| حارث | کاشت کار | ۷۰۹ |
| حاجم | توڑنے والا | ۵۲ |
| حاوی | غالب | ۲۵ |
| خوارق | خلاف عادت باتیں | ۹۰۷ |
| خضر | ایک پیغمبر کا نام | ۱۶۰۰ |
| خردمند | عقل مند | ۸۹۸ |
| خیابان | پھلواری | ۶۶۴ |
| دلاور | بہادر | ۲۴۱ |
| درویش | اللہ سے لولگانے والا | ۵۲۰ |
| ذلاقت | فصاحت | ۱۲۳۱ |
| راشق | خوب صورت | ۶۰۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ریاش | ذریعہ معاش | ۵۱۱ |
| رؤف | بہت مہربان | ۲۸۶ |
| رفاقت | دوستی | ۷۸۱ |
| روشن | چمکتا ہوا | ۵۵۶ |
| راکب | سوار | ۲۲۳ |
| رباب | ایک ساز کا نام | ۲۰۵ |
| رشیق | خوش قامت | ۶۱۰ |
| ریاضت | علمی محنت | ۱۴۱۱ |
| ریشمین | ریشم جیسا ملائم | ۶۱۰ |
| ریاض الحق | حق (اللہ) کے باغات | ۱۱۵۰ |
| زاخر | جوش میں آیا ہوا دریا | ۸۰۸ |
| زریان | دولت حاصل کرنے والا | ۲۶۸ |
| زوّار | زیارت کرنے والا | ۲۱۴ |
| زاہل | سکون والا | ۴۳ |
| زمام | باگ ڈور | ۸۸ |
| زمن | زمانہ | ۹۷ |
| زیبان | مناسب | ۷۰ |
| سیفی | تلوار رکھنے والا | ۱۶۰ |
| سہراب | رستم کا بیٹا (جو پہلوان تھا) | ۲۶۸ |
| سہام | حصے | ۱۰۶ |

| نام | معانی | اعداد |
| --- | --- | --- |
| سرتاج | مالک | ٦٦٤ |
| سرمد | باقی | ٣٠٤ |
| سرور | سردار | ٤٦٦ |
| سرور | خوشی | ٤٦٦ |
| سعیر | آگ کا شعلہ | ٣٤٠ |
| سجاد حسین | عبادت کرنے والا حسین | ١٩٦ |
| سکران | بے خود | ٣٣١ |
| سہیم | شریک کار | ١١٥ |
| شارق | طلوع ہونے والا سورج | ٦٠١ |
| شفقت | مہربانی | ٨٨٠ |
| شمعون | ایک پیغمبر کا نام | ٤٦٦ |
| شبر | حضرت ہارون کے بیٹے کا نام | ٥٠٢ |
| شرر | چنگاری | ٧٠٠ |
| شہزادہ | بادشاہ کا بیٹا | ٣٢٢ |
| صارم | بہادر | ٣٣١ |
| صحبان | خوبصورت | ١٥١ |
| صریم | کاٹنے والا | ٣٤٠ |
| صلیل | تلوار مارنے کی آواز | ١٦٠ |
| صفدر علی | لشکر کی صف پھاڑنیوالا (علی) | ٤٨٤ |
| صومان | روزے دار | ١٨٧ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| ضرغام | شیر ببر | ۲۰۴۱ |
| طلحہ | ایک درخت کا نام | ۵۲ |
| طالش | روشن | ۳۴۰ |
| ظامر | آشکارا ہونا | ۱۱۴۱ |
| ظریف الحسن | خوبصورت | ۱۳۳۹ |
| ظفیر الحسن | فاتح حسن | ۱۳۳۹ |
| ظلال | سایہ | ۹۶۱ |
| عائش | صلح کرنے والا | ۴۲۱ |
| عاطف | مہربان | ۱۶۰ |
| عبداللہ | اللہ کا بندہ | ۱۴۲ |
| عمید | پیشوا | ۱۲۴ |
| عماد | ستون | ۱۱۵ |
| عباس | رسول اکرمؐ کے چچا کا نام | ۱۳۳ |
| عبدالقادر | قادر کا بندہ | ۴۱۲ |
| عدید | نظیر | ۸۸ |
| عدیم | نایاب | ۱۲۴ |
| عشرت | خوشی | ۹۷۰ |
| عمیم | مکمل | ۱۶۰ |
| عیاذ | پناہ | ۷۸۱ |
| عتید | آمادہ | ۴۸۴ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| عبدالباطن | باطن کا بندہ | ۱۶۹ |
| عبدالحمید | حمید کا بندہ | ۱۶۹ |
| عبدالحسیب | حسیب کا بندہ | ۱۸۷ |
| عبدالصمد | صمد کا بندہ | ۲۴۱ |
| عبدالمانع | مانع کا بندہ | ۲۶۸ |
| عبدالقدوس | قدوس کا بندہ | ۲۷۷ |
| عبدالجبار | جبار کا بندہ | ۳۱۳ |
| عبدالقادر | قادر کا بندہ | ۴۱۲ |
| عبدالقدیر | قدیر کا بندہ | ۴۲۱ |
| عبدالظاہر | ظاہر کا بندہ | ۱۲۱۳ |
| غالب | زبردست | ۱۰۳۳ |
| غایت | انتہا | ۱۴۱۱ |
| غنا | فائدہ | ۱۰۵۱ |
| غنی | مال دار | ۱۰۶۰ |
| فارقلیط | نام رسولؐ | ۴۳۰ |
| فرخ | مبارک | ۸۸۰ |
| فاز | کامیاب | ۸۸ |
| فخر | ناز | ۸۸۰ |
| فریاد | مدد مانگنا | ۲۹۵ |
| فراغت | فرصت | ۱۶۸۱ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| فرنود | دلیل | ۳۴۰ |
| فرائد | موتی | ۲۸۶ |
| فیض الرب | رب کا فیض | ۱۱۲۳ |
| قمر | چاند | ۳۴۰ |
| قائد | رہنما | ۱۰۶ |
| قیام | ٹھہرنا | ۱۵۱ |
| قالب | جسم | ۱۳۳ |
| قبیل | خاندان | ۱۴۲ |
| قریش | عرب کے ایک قبیلے کا نام | ۶۱۰ |
| قابل | لائق | ۱۳۳ |
| قائم | کھڑے ہونے والا | ۱۴۲ |
| کاظم | غصہ پی جانے والا | ۹۶۱ |
| کبیر | بڑا | ۲۳۲ |
| کرار | بار بار | ۴۲۱ |
| کفایت | کافی ہونا | ۵۱۱ |
| کتمان | پوشیدہ رکھنا | ۵۱۱ |
| کشکول | پیالہ | ۳۷۶ |
| کلب | ٹیلہ کا کنارہ | ۵۲ |
| کلیدان | تالہ | ۱۱۵ |
| کنول | نیلوفر کا پھول | ۱۰۶ |

| نام | معانی | اعداد |
|---|---|---|
| کظیم | غصہ برداشت کرنے والا | ۹۷۰ |
| کنیف | چھپانے والا | ۱۶۰ |
| لطافت | نرمی | ۵۲۰ |
| لبیق | ہوشیار | ۱۴۲ |
